# اسلاميات

## استادن لاءِ رهبر

چوٿين درجي لاءِ

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

اوڪسفرڊ يونيورسٽي پريس

# پيش لفظ

اسلام زندگي جو هڪ مڪمل ضابطو آهي ۽ زندگي جي هر پهلوءَ ۾ انسان جي رهنمائي ڪري ٿو. عربي زبان ۾ اسلام جي معنيٰ ”اطاعت ۽ فرمانبرداري“ جي آهي. اسلام الله تعاليٰ جي اطاعت ۽ فرمانبرداري جو دين آهي.

تعليم ڏيڻ هڪ پيغمبري ڪمُ آهي. اها هر استاد جي ذميواري آهي تہ هُو پنهنجي هِن ڪم کي ايمان داريءَ سان پورو ڪري. استاد پنهنجي طالبن جي سامهون هڪ مثالي شخصيت جي حيثيت رکندو آهي. ٻارَ استاد جي قول ۽ عمل کان گهڻو ڪجهہ سِکندا آهن ۽ ڪڏهن ڪڏهن تہ اُهو ئي ڪجهہ ڪندا آهن جيڪو هو پنهنجي استادَ کي ڪندي ڏسندا آهن. انهيءَ ڪري استاد کي ٻارن جي سامهون سُٺي ڳالهہ ٻولهہ ۽ ڪردار جو مظاهرو ڪرڻ گهرجي.

اسلاميات پڙهائڻ واري استادن جي ذميواريون ٻين استادن جي مقابلي ۾ تمام وڌيل هونديون آهي. جيستائين استاد قرآن شريف کي چڱي طرح سمجهي هن تي عمل ڪرڻ جي ڪوشش نہ ڪندو، نہ هو پاڻ سٺو مسلمان ٿي سگهندو ۽ نہ ئي پنهنجي طالبن جو ڪردار ٺاهڻ جي قابل ٿيندو.

استاد اسلام جي زندگي گزارڻ جي طريقي کان جيترو واقف هوندو، ايترو ئي هو اسلام جا سڀ اصولَ طالبن ۾ منتقل ڪري سگهندو. اسلاميات جو اهم مضمون پڙهائڻ واري استادن کي گهرجي تہ هو ٻارن کي عربي زبان سيکارڻ جي لاءِ پهريان پاڻ عربي تي مهارت حاصل ڪن ۽ قرآن شريف جون سورتون چڱي طرح ٻارن کي پڙهائن. اها بہ استاد جي ذميواري آهي تہ هُو اسلاميات جو اهم مضمون ٻارن کي دلچسپيءَ سان پڙهائي ۽ تدريس جا اهڙا طريقا اختيار ڪري جنهن سان ٻارَ ڌيان ۽ توجه سان پورو سبق ٻُڌن. پڙهائڻ جي وِچ ۾ ٻارن جو حوصلو وڌايو. جيڪي طالبَ پڙهائي ۾ ڪمزور هُجن، سموري ڪلاس جي سامهون هنن کي دڙڪا ڏيڻ بجاءِ الڳ سڏُ ڪري هنن جو ڪمزوريون ختم ڪرڻ جي ڪوشش ڪيو.

اسلاميات جي هن نصابي سلسلي ۾ اسلام جي بنيادي عقيدن کي آسان لفظن ۽ عام فهم انداز ۾ بيان ڪرڻ جي ڪوشش ڪئي وئي آهي. انهن ڪتابن ۽ استادن لاءِ رهبر جي ذريعي اسلاميات جهڙي اهم ۽ بنيادي مضمون کي پڙهڻ ۽ پڙهائڻ آسان ٿي ويندو.

# فهرست


**باب پهريون: قرآن شريف**

ناظره قرآن ______ 2

حفظ قرآن، حفظ ۽ ترجمو ______ 4

**باب ٻيو: ايمانيات ۽ عبادتون**

عقيدا ______ 10

اسلام جا رُڪنَ ______ 16

الله تعاليٰ جا حقَ ______ 18

ٻانهَن جا حقَ ______ 22

**باب ٽيون: سيرت پاڪ ﷺ**

وحيءَ جو نزول ______ 24

اسلام جي دعوت ______ 26

ثابت قدمي ______ 28

حبشہ ڏانهن هجرت، عام الحُزن ______ 30

طائف جو سفر ______ 32

معراج النبي ﷺ ______ 34

مديني ڏانهن هجرت ______ 36

**باب چوٿون: اخلاق ۽ ادبَ**

ايمانداري، خلق جي خدمتَ ______ 38

سادگي ______ 40

وقتَ جي پابندي ______ 42

پنهنجي مدد پاڻ ______ 44

مهمان داري، مجلس جا ادبَ ______ 46

وطن ۽ وطن وارن سان محبت ______ 48

**باب پنجون: هدايت جا سرچشما / اسلام جا مشاهير**

حضرت عمر فاروق رضي الله عنه، حضرت موسيٰ عليه السلام ______ 50

# شروعاتي ڳالهيون

پڑهائڻ جو طريقو ٻارن جي تعليم ۽ تربيت تي تمام اثر انداز ٿيندو آهي. هيٺ پڑهائڻ جي طريقي کي اثرائتو ڪرڻ جي لاءِ ڪجهه اهم نُڪتا لِکيا ويا آهن:

1. استاد ڪلاس ۾ داخل ٿيڻ سان ٻارن کي پاڻ سلام ڪري. هن سان ٻارن ۾ سلام ڪرڻ جي عادت پيدا ٿيندي.
2. لکن وارو بورڊ تي پڑهائيندڙ موضوع لِکي ۽ هڪڙي پاسي تاريخ لکي.
3. پوئين سبق جي بابت سوالَ ڪري، جيئن ٻارن کي سبق ياد اچي وڃي.
4. نيو سبق پڑهائڻ کانِ پهريان سبق جي عنوان جو مختصر تعارف زباني بيان ڪيو.
5. سبق جا مشڪل لفظ نوٽ ڪري ٻارن کي هنن جي معنيٰ لکرايو.

اسلاميات پڑهائڻ ۾ جنهن طريقن جي استعمال ڪري سگهجي ٿو هنن ۾ ڪجهه اهم طريقا اهي آهن:

## استقرائي طريقو

هن طريقي ۾ استاد کي پهريان شاگردن جي ذهني سطح جو اندازو لڳائڻ گهرجي. هن جي لاءِ استاد کي ٻارن کان اهڙا سوالَ ڪرڻ گهرجن جيڪي نہ رڳو ٻارن کي سبق تي راضي ڪن ۽ سندن ڌيان حاصل ڪن، پر هنن جي منتشر خيالن کي بہ گڏ ڪندي هنن ۾ غور ۽ فڪر جي صلاحيت پيدا ڪن. سوالَ هن قسم جا هجن جنهن جا جوابَ آسان هجن ۽ طالبَ هنن کا پريشاني محسوس نہ ڪن.

## بياني طريقو

اسلاميات پڑهائڻ ۾ بياني طريقي کي هوشياريءَ سان استعمال ڪري وڌندڙ ٻڌائي سگهجي ٿو. استاد هن طريقي ۾ حالتن ۽ ڪيفيتن جو نقشو پنهنجي لفظن ۾ بيان ذريعي ٺاهي سگهي ٿو. بياني طريقي جي سلسلي ۾ وضاحت ۽ تشريح بہ ايندي آهي. مطلب هر شي، لفظ يا لِکت جو مفهوم ۽ مطلب ۽ هن جي حقيقتَ طالبن جي سامهون بيان ڪجي. پر استادن کي هن طريقي ۾ اهو خيال رکڻ پوندو تہ وضاحت ۽ تشريح جو معيار طالبن جي عمر ۽ ذهنن جي سطح جي مطابق هجي، نہ تہ اهو طريقو اثرائتو نہ رهندو.

## ڪهاڻيءَ جو انداز يا طريقو

پڑهائڻ جي هن طريقي ۾ ڪنهن واقعي يا حالت کي مناسب ۽ وڻندڙ انداز ۾ بيان ڪرڻ "ڪهاڻيءَ جو انداز" چئبو آهي ۽ اهو طريقو طالبن جو ڌيان آسانيءَ سان حاصل ڪرڻ ۾ اثرائتو ثابت ٿيل آهي. پر اهو انداز سبق آموز بہ هجڻ گهرجي. اهو خيال رکڻ بہ ضروري آهي تہ طالبَ هن انداز جا ايترا عادتي نہ ٿي وڃن جو اُهي هر وقت ڪهاڻي ٻُڌڻ جي موڊ ۾ ئي رهن.

باب پهريون: قرآن شريف

# ناظره قرآن

نصاب موجب ناظره قرآن پڙهائڻ جي لاءِ ٽن سيپارن (سيپارو هڪ کان ٽيون) جو ناظره شامل آهي. ناظره قرآن جي شروعات کان پهريان طالبن کي قرآن شريف پڙهڻ جا ادبَ، تلاوت جي اهميت ۽ فضليت جي ڄاڻ ڏجي. ناظره قرآن پڙهائڻ واري استاد کي علمِ تجويد تي مهارت هجڻ گهرجي. استاد روزانو ڪجهه آيتون طالبن کي پڙهائي ۽ هن کان پوءِ طالبن کان پڙهرائي. استاد کي گهرجي ته ناظره جو حصو ڪنهن سُٺي قاري جي آواز ۾ ڪيسٽ ذريعي به طالبن کي ٻُڌائي.

## ناظره قرآن پڙهائڻ

ناظره قرآن پڙهائڻ ۾ استاد کي هيٺين ڳالهين جو خيال رکڻ گهرجي.

1. استاد کي علمِ تجويد تي مهارت هجڻ گهرجي.
2. حروف تهجي جي تختي شروع ڪرائجي جيئن حرفن جي ڄاڻ ٿي.
3. هن حرف يا سبق کي سڀ ٻارن کان وڏي آواز ۾ پڙهرائجي.
4. لکن وارو بورڊ جو استعمال ضرور ڪجي.
5. هر ٻار کان الڳ الڳ سبق ٻُڌجي.
6. حرفن جي ادائي ۽ تلفظ تي خاص ڌيان ڏجي.
7. هر حرف جو آواز ادائي سان گڏ به سمجهايو.
8. هڪ جهڙي لفظن جو فرق واضح ڪيو.
9. هر ٻار وڏي آواز سان حرفن جي فرق کي واضح ڪري.
10. هر ٻار گهٽ ۾ گهٽ به ٽي ڀيرا سبق دُهرائي.
11. وڏي آواز سان ۽ هر هر پڙهڻ سان وڏيڪ ٻارن کي سبق انهيءَ وقت ئي ياد ٿي ويندو آهي.

## گهر جو ڪم

استاد ڪلاس ۾ ناظره قرآن پڙهائڻ کان پوءِ ٻارن کي چون ته اهي گهران هن کي دُهرائي اچن. ٻارن کي اهو پڻ چئو ته هو اڳين سورت به پڙهي اچن.

# باب اوّل: قرآنِ مجید

## ناظرہ قرآن

نصاب کے مطابق ناظرہ قرآن کی تدریس کے لیے تین پاروں (پارہ ایک تا تین) کا ناظرہ شامل ہے۔ ناظرہ قرآن کی ابتدا سے پہلے قرآن پاک پڑھنے کے آداب، تلاوت کی اہمیت و فضیلت سے طلبہ و طالبات کو آگاہ کیا جائے۔ ناظرہ قرآن پڑھانے والے استاد کو علمِ تجوید پر دسترس ہونی چاہیے۔ استاد روزانہ چند آیات طلبہ و طالبات کو پڑھائے اس کے بعد طلبہ و طالبات سے پڑھوائے۔ استاد کو چاہیے کہ ناظرہ کا حصّہ کسی اچھے قاری کی آواز میں بذریعہ کیسٹ طلبہ و طالبات کو سنوائے۔

## ناظرہ قرآن کی تدریس

ناظرہ قرآن کی تدریس میں استاد کو درج ذیل باتوں کا خیال رکھنا چاہیے:

۱۔ استاد کو علمِ تجوید پر دسترس ہونی چاہیے۔
۲۔ حروفِ تہجی کی تختی شروع کرائی جائے تاکہ حروف کی پہچان آجائے۔
۳۔ اس حرف یا سبق کو تمام بچّوں سے بلند آواز سے کہلوایا جائے۔
۴۔ تختۂ تحریر کا استعمال ضرور کیا جائے۔
۵۔ ہر بچّے سے فرداً فرداً سبق سنا جائے۔
۶۔ حروف کی ادائیگی اور تلفظ پر خاص توجہ دی جائے۔
۷۔ ہر حرف کی آواز، ادائیگی کے ساتھ بھی سمجھائیں۔
۸۔ ملتے جلتے الفاظ کا فرق واضح کریں۔
۹۔ ہر بچّہ بلند آواز کے ساتھ حروف کے فرق کو واضح کرے۔
۱۰۔ ہر بچّہ کم از کم دو تین بار اپنا سبق دہرائے۔
۱۱۔ باآواز بلند پڑھنے اور بار بار کہلوانے سے اکثر بچّوں کو سبق اسی وقت یاد ہوجاتا ہے۔

## گھر کا کام

اساتذہ جماعت میں ناظرہ قرآن پڑھانے کے بعد بچّوں سے کہیں کہ وہ گھر سے اسے دہرا کر آئیں۔ نیز بچّوں سے کہیں کہ وہ اگلی بار پڑھائی جانے والی سورۃ بھی پڑھ کر آئیں۔

# حفظِ قرآن

درسي ڪتاب ۾ موجود سورة الڪوثر، سورة العصر، سورة الماعون ۽ سورة الڪافرون ٻارن کي صحيح تلفظ ۽ قرات سان ياد ڪرائجي. اهي سورتون استاد کي پاڻ بہ ياد هجڻ گهرجن.
نصاب مطابق چوٿين ڪلاس جي لاءِ اسلاميات جي ڪتاب ۾ ڏنل حفظِ قرآن جو حصو ڪلاس ۾ پڙهائجي، طالبن کي چئو تہ اهي گهران حفظ ڪري اچن ۽ پوءِ ڏينهن استاد ڪلاس ۾ اهو حصو ٻُڌي.

# حفظ ۽ ترجمو

## رڪوع ۽ سجدي جي تسبيحون، تسميع ۽ تحميد

مسلمان ڏينهن ۾ گهٽ ۾ گهٽ پنج ڀيرا زبان ۽ عمل سان نماز ۾ هن شيئن کي دُهرائيندو آهي. نماز ڏينهن ۾ پنج ڀيرا اسلام جي بنياد کي مضبوط ڪندي آهي. نماز هن تمام عقيدن کي تازو ڪندي آهي جنهن تي نفس جي پاڪي، روح جي ترقي، اخلاق جي سنوار ۽ عمل جي سُڌار موقوف آهي.
رڪوع ۽ سجدي جي تسبيحون، تسميع ۽ تمحيد ياد ڪرائجي ۽ هن جو آسان ترجمو ٻارن کي پڙهائجي.

### رڪوع جي تسبيح

گوڏن تي هٿ رکي جُهڪڻ کي رڪوع چوندا آهن. رڪوع ۾ پوري دلجاءِ سان دعا پڙهڻ گهرجي.

### قومو

رڪوع کان پوءِ سِڌو بيهڻ کي قومو چوندا آهن.

### تسميع

قومي ۾ پهريان تسميع جو عمل آهي. تسميع ۾ دعا پڙهبي آهي.

### تحميد

قومي دوران تسميع کان پوءِ تحميد جو عمل آهي ۽ تحميد ۾ دعا پڙهبي آهي.

# حفظِ قرآن

درسی کتاب میں موجود سورۃ الکوثر، سورۃ العصر، سورۃ الماعون اور سورۃ الکافرون بچّوں کو صحیح تلفظ اور قرأت کے ساتھ یاد کرائی جائیں۔ یہ سورتیں استاد کو خود بھی یاد ہونی چاہئیں۔

نصاب کے مطابق اسلامیات کی کتاب برائے جماعت چہارم میں دیے گئے حفظِ قرآن کا جو حصّہ جماعت میں پڑھایا جائے، طلبہ و طالبات سے کہا جائے کہ وہ حصّہ گھر سے حفظ کر کے آئیں اور دوسرے دن اساتذہ کمرۂ جماعت میں وہ حصّہ سنیں۔

# حفظ و ترجمہ

## رکوع و سجود کی تسبیحات، تسمیع و تحمید

مسلمان دن میں کم از کم پانچ بار زبان اور عمل سے نماز میں ان چیزوں کا اعادہ کرتا ہے۔ نماز دن میں پانچ بار اسلام کی بنیاد کو مضبوط کرتی ہے۔ نماز ان تمام عقیدوں کو تازہ کرتی ہے، جن پر نفس کی پاکیزگی، روح کی ترقی، اخلاق کی درستی اور عمل کی اصلاح موقوف ہے۔

رکوع و سجود کی تسبیحات، تسمیع و تحمید یاد کرائی جائیں اور ان کا سلیس ترجمہ بچّوں کو پڑھایا جائے۔

### رکوع کی تسبیح

گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر جھکنے کو رکوع کہا جاتا ہے۔ رکوع میں پورے اطمینان کے ساتھ دعا پڑھنی چاہیے۔

### قومہ

رکوع کے بعد سیدھا کھڑے ہونے کو قومہ کہا جاتا ہے۔

### تسمیع

قومے کے دوران پہلے تسمیع کا عمل ہے۔ تسمیع میں دعا پڑھی جاتی ہے۔

### تحمید

قومے کے دوران تسمیع کے بعد تحمید کا عمل ہے اور تحمید میں دعا پڑھی جاتی ہے۔

## سجدي جي تسبيح

**سجدي ۾ زمين تي مَٿو رکي دُعا پڙهبي آهي.**

**استادَ ٻارن جي سيرت جي تعمير جا ذميوار هوندا آهن. هنن جو فرض آهي ته اُهي ڪلاس ۾ اچي سلام دعا کان پوءِ پڙهائي جو سلسلو " بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ " چئي ڪن ۽ سبق پڙهائڻ کان پهريان ٻارن کي "رَبِّ زِدۡنِيۡ عِلۡمًا" ضرور پڙهائجي ۽ اها دعا ياد به ڪرائجي.**

## حفظ ۽ ترجمو پڙهائڻ

1. استادن کي گهرجي ته طالبن کي پڙهائڻ کان پهريان حفظ ۽ ترجمو پاڻ چڱي طرح ياد ڪن.
2. طالبن جي تلفظ ۽ مخارج تي ڌيان ڏين.
3. سبقَ باقاعدگيءَ سان ٻُڌن.
4. طالبن جون ٽوليون ٺاهن، جيئن اهي سبق دُهرائي سگهن.
5. ٻارن کي روزانو حفظ ۽ ترجمي جي مشق ڪرائن.
6. حفظ ۽ ترجمي جي غلطيون نوٽ ڪن ۽ ڪوشش ڪن ته اهي غلطيون ٻيهر نه ٿين.
7. ٻارن کي لفظي ترجمي سان گڏ بامحاوره ترجمو به ٻُڌائجي.
8. ٻارن جون ٽوليون ٺاهي ڪين چئجي ته اهي هڪ ٻي جو حفظ ۽ ترجمو ٻُڌن ۽ استاد پاڻ غلطين جي سُڌار ڪري.

## گهر جو ڪم

**نصاب موجب چوٿين ڪلاس جي لاءِ اسلاميات جي ڪتاب ۾ ڏنل حفظ ۽ ترجمي جو حصو ڪلاس کان پڙهرائجي، طالبن کي چئجي ته اهو حصو گهران ياد ڪري اچن ۽ ٻي ڏينهن استاد ڪلاس ۾ اهو حصو ٻُڌن.**

## سجدے کی تسبیح

سجدے میں زمین پر ماتھا رکھ کر دعا پڑھی جاتی ہے۔

اساتذہ بچّوں کی تعمیرِ سیرت کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔ ان کا فرض ہے کہ وہ جماعت میں آ کر سلام و دعا کے بعد پڑھائی کے سلسلے کا آغاز ''بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ'' کہہ کر کریں اور بچّوں کو سبق پڑھانے سے پہلے ''رَبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا'' ضرور پڑھوائیں اور انھیں یہ دعا یاد بھی کروائیں۔

## حفظ اور ترجمہ کی تدریس

۱۔ اساتذہ کو چاہیے کہ طلبہ و طالبات کو پڑھانے سے پہلے حفظ و ترجمے کا حصّہ خود اچھی طرح یاد کریں۔
۲۔ طلبہ و طالبات کے تلفظ و مخارج پر توجہ دیں۔
۳۔ اسباق باقاعدگی سے سنیں۔
۴۔ طلبہ و طالبات کے گروپ بنائیں تاکہ وہ سبق دہرا سکیں۔
۵۔ بچّوں کو روزانہ حفظ و ترجمہ کی مشق کروائی جائے۔
۶۔ حفظ و ترجمہ کی غلطیوں کو نوٹ کیا جائے اور کوشش کی جائے کہ یہ غلطیاں دوبارہ نہ ہوں۔
۷۔ بچّوں کو لفظی ترجمے کے ساتھ ساتھ بامحاورہ ترجمہ بھی بتایا جائے۔
۸۔ بچّوں کے گروپ بنا کر ان سے کہا جائے کہ وہ ایک دوسرے سے حفظ و ترجمہ کا مواد سنیں اور استاد خود غلطیوں کی اصلاح کرے۔

## گھر کا کام

نصاب کے مطابق اسلامیات کی کتاب برائے جماعت چہارم میں دیے گئے حفظ و ترجمہ کا جو حصّہ جماعت میں پڑھایا جائے، طلبہ و طالبات سے کہا جائے کہ وہ حصّہ گھر سے حفظ کر کے آئیں اور دوسرے دن اساتذہ کمرۂ جماعت میں وہ حصّہ سنیں۔

## سورة الاخلاص

اخلاص رُڳو هن سورت جو نالو ئي ناهي پر هن مضمون جو موضوع بہ آهي ڇا ڪاڻ تہ هن ۾ خالص توحيد بيان ڪئي وئي آهي. رسول اللهﷺ جڏهن توحيد جي دعوت ڪٺي اُٿيو تي هن وقت بُت پرست ۽ مشرڪَ ڪاٺي، پٿر، سوني، چاندي وغيره جي ٺهيل مختلف خدائن جي پوڄا ڪندا هئا. پاڻﷺ سڀ ڪُوڙي معبودن کي ڇڏي رڳو حقيقي معبود الله تعاليٰ جي عبادت ڪرڻ جي دعوت ڏني. جنهن جو ذڪر سورة الاخلاص ۾ موجود آهي. پاڻﷺ مختلف طريقن سان مسلمانن کي اها سورة پڙهڻ ۽ هن کي عام ماڻهن ۾ ڦهلائڻ جي تاڪيد ڪئي ڇا ڪاڻ تہ اها اسلام جي پهرين ۽ بنيادي عقيدي (توحيد) کي چار ننڍن جملن ۾ بيان ڪري ڇڏيندي آهي جيڪي فوراً ياد بہ ٿي ويندا آهن ۽ آسانيءَ سان زبان تي بہ چڙهي ويندا آهن. حديثن ۾ اهي روايتون هرَ هرَ آيون آهن تہ پاڻﷺ مختلف موقعن تي مختلف طريقن سان ماڻهن کي ٻڌايو تہ اها سورة قرآن جي ٽين حصي جي برابر آهي.

## گهر جو ڪم

حفظ ۽ ترجمي ۾ سورة الاخلاص جو مواد ٻارن کي گهران زباني ياد ڪري اچڻ جو حڪم ڏجي ۽ ٻارن کي چئجي تہ هو پهرين حفظ ۽ ترجمي کي بہ دُهرائن. استاد ڪلاس ۾ باقاعدي ٻارن کان اهو سورة ٻُڌندا رهن.

# سورۃ الاخلاص

اخلاص صرف اس سورۃ کا نام ہی نہیں بلکہ اس کے مضمون کا عنوان بھی ہے کیونکہ اس میں خالص توحید بیان کی گئی ہے۔ رسول اکرم ﷺ جب توحید کی دعوت لے کر اٹھے تو اس وقت بت پرست اور مشرکین لکڑی، پتھر، سونے، چاندی وغیرہ کے بنے ہوئے مختلف خداؤں کو پوج رہے تھے۔ آپ ﷺ نے تمام جھوٹے معبودوں کو چھوڑ کر صرف حقیقی معبود اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کی دعوت دی۔ جس کا ذکر سورۃ الاخلاص میں موجود ہے۔ آپ ﷺ نے مختلف طریقوں سے مسلمانوں کو یہ سورۃ پڑھنے اور اسے عوام الناس میں پھیلانے کی تاکید کی کیونکہ یہ اسلام کے اوّلین اور بنیادی عقیدے (توحید) کو چار ایسے مختصر فقروں میں بیان کردیتی ہے جو فوراً ذہن نشین ہوجاتے ہیں اور آسانی سے زبان پر چڑھ جاتے ہیں۔ احادیث میں کثرت سے یہ روایات بیان ہوئی ہیں کہ آپ ﷺ نے مختلف مواقع پر مختلف طریقوں سے لوگوں کو بتایا کہ یہ سورۃ ایک تہائی قرآن کے برابر ہے۔

## گھر کا کام

حفظ و ترجمہ میں سورۃ الاخلاص کا مواد بچّوں کو گھر سے زبانی یاد کرکے آنے کے لیے کہا جائے اور بچّوں سے کہا جائے کہ وہ پچھلے حفظ و ترجمے کو بھی دہرائیں۔ اساتذہ جماعت میں باقاعدگی سے بچّوں سے یہ سورۃ سنتے رہیں۔

باب ٻيو: **ايمانيات ۽ عبادتون**

# عقيدا

ايمان رُڳو زباني اقرار جو نالو ناهي پر ايمان جي لاءِ دل کان تصديق ۽ پوءِ عمل ڪرڻ بہ ضروري آهي. ايمان جيڪڏهن رڳو زبان کان اقرار تائين محدود هوندو تہ الله تعاليٰ جي تابعداري بہ بس زباني ڪلامي ئي هوندي. پر جيڪڏهن ايمان گهرو ۽ پختو هوندو تہ مسلمان جو عمل بہ بدلجي ويندو. مضبوط ايمان جي بنياد تي ئي اسلام جي مضبوط عمارت تعمير ٿي سگهي ٿو. ايمان جو مثال هڪ وڻ جي پاڙ جهڙو آهي. جيڪڏهن پاڙ مضبوط هوندي تہ وڻ تيز هواؤن ۽ طوفان ۾ بہ قائم رهندو پر هلڪي ۽ نرم پاڙ وارو وڻ هواءِ جي هلڪي جهوٽي ۾ ئي پٽجي ويندو آهي. انهيءَ ڪري استادن کي گهرجي تہ ايمان جو سبق پڙهائيندي اهڙو طريقو اختيار ڪن جنهن سان ٻارن جي دِلن ۾ ايمان جون بنيادون مضبوط ٿي سگهن. مضبوط ايمان جي نتيجي ۾ ئي انسان صحيح معنيٰ ۾ مسلم يعني الله تعاليٰ جي اطاعت ڪرڻ واري ۽ فرمانبردار ٿي سگهي ٿو. ايمان ۽ اسلام جي لحاظ سان سڀ انسانن جا چار درجا آهن:

1. جيڪي ايمان رکندا آهن ۽ هنن جو ايمان کين الله تعاليٰ جو اطاعت ڪندڙ ۽ فرمانبردار ٺاهيندو آهي.
2. جيڪو ايمان تہ رکندو آهي پر هن جو ايمان ايترو طاقتور ناهي جو هن کي پوري طرح الله تعاليٰ جو فرمانبردار ٺاهي.
3. اهي جيڪي ايمان نہ رکندا آهن پر ظاهر ۾ اهڙو عمل ڪندا آهن جيڪو خدائي قانون مطابق نظر ايندو آهي. اهڙا ماڻهو چا ڪاڻ تہ ايمان ناهي رکندا انهيءَ ڪري باغي سمجهيا ويندا آهن. پر هن جي ظاهري نيڪ ڪمن جو صلو کين دنيا ۾ ئي ملي ويندو آهي.
4. اهي جيڪي ايمان بہ ناهين رکندا ۽ عمل جي لحاظ سان بہ بدڪار آهن. اهي سڀ کان ڪِني درجي جا ماڻهو آهن جو اهي باغي بہ آهن ۽ فسادي بہ.

چوٿين ڪلاس جي لاءِ اسلاميات جي ڪتاب جي سبق ”عقيدا“ جي تفصيل موجب الله تعاليٰ تي ايمان، فرشتن تي ايمان، الله تعاليٰ جي ڪتابن تي ايمان، رسولن تي ايمان ۽ آخرت تي ايمان، ايمان جا اهي پنج بنيادي حصہ آهن جنهن تي هڪ مسلمان جي ايمان جو دار و مدار آهي.

## 1. الله تعاليٰ تي ايمان

ڪتاب جي سبق مطابق طالبن جي ذهن ۽ دل ۾ اها ڳالهہ چڱي طرح ويهاري ڇڏجي تہ الله تعاليٰ هر جاءِ تي موجود آهي ۽ اهو پنهنجي ٻانهن کي هر جاءِ تي ڏِسي رهيو آهي.

## باب دوم:　　　　ایمانیات و عبادات

# ایمان

ایمان صرف زبانی اقرار کا نام نہیں، بلکہ ایمان کے لیے دل سے تصدیق اور پھر عمل کرنا بھی ضروری ہے۔ ایمان اگر صرف زبانی اقرار تک محدود ہوگا تو اللہ تعالیٰ کی تابع داری بھی بس زبانی کلامی ہی ہوگی۔ لیکن اگر ایمان گہرا اور پختہ ہوگا تو مسلمان کا عمل بھی بدل جائے گا۔ مضبوط ایمان کی بنیاد پر ہی اسلام کی پختہ عمارت تعمیر ہوسکتی ہے۔ ایمان کی مثال ایک درخت کی جڑ کی سی ہے اگر جڑ مضبوط ہوگی تو درخت تیز ہواؤں اور طوفان میں بھی قائم رہے گا، لیکن ہلکی اور نرم جڑ والا درخت ہوا کے ہلکے سے جھونکے سے ہی اُکھڑ جاتا ہے۔ اسی لیے اساتذۂ کرام کو چاہیے کہ ایمان کا سبق پڑھاتے وقت ایسے طریقے اختیار کریں جس سے بچّوں کے دلوں میں ایمان کی بنیادیں مضبوط ہوسکیں۔ مضبوط ایمان کے نتیجے میں ہی انسان صحیح معنوں میں مسلم یعنی اللہ تعالیٰ کا مطیع و فرماں بردار بن جاتا ہے۔ ایمان اور اسلام کے لحاظ سے تمام انسانوں کے چار درجے ہیں۔

۱۔ جو ایمان رکھتے ہیں اور ان کا ایمان انھیں اللہ تعالیٰ کے احکام کا پورا مطیع بنا دیتا ہے۔

۲۔ جو ایمان تو رکھتے ہیں مگر ان کا ایمان اتنا طاقت ور نہیں ہے کہ انھیں پوری طرح اللہ تعالیٰ کا فرماں بردار بنا دے۔

۳۔ وہ جو ایمان نہیں رکھتے مگر بظاہر ایسے عمل کرتے ہیں جو خدائی قانون کے مطابق نظر آتے ہیں۔ ایسے لوگ چونکہ ایمان نہیں رکھتے اس لیے باغی سمجھے جاتے ہیں۔ البتہ ان کے ظاہری نیک کاموں کا صلہ انھیں دنیا ہی میں مل جاتا ہے۔

۴۔ وہ جو ایمان بھی نہیں رکھتے اور عمل کے لحاظ سے بھی بدکار ہیں۔ یہ سب سے بدتر درجے کے لوگ ہیں کیونکہ یہ باغی بھی ہیں اور مفسد بھی۔

اسلامیات کی کتاب برائے جماعت چہارم کے سبق ''ایمان'' کی تفصیل کے مطابق اللہ تعالیٰ پر ایمان، فرشتوں پر ایمان، اللہ تعالیٰ کی کتابوں پر ایمان، رسولوں پر ایمان اور آخرت پر ایمان، ایمان کے وہ پانچ بنیادی اجزا ہیں جن پر ایک مسلمان کے ایمان کا دارومدار ہے۔

### ۱۔ اللہ تعالیٰ پر ایمان

کتاب کے سبق کے مطابق طلبہ و طالبات کے ذہن اور دل میں یہ بات اچھی طرح بٹھا دی جائے کہ اللہ تعالیٰ ہر جگہ موجود ہے اور وہ اپنے بندے کو ہر جگہ دیکھ رہا ہے۔

### مثال (1)

جيڪڏهن ڪلاس ۾ هڪ ٻار ٻئي ٻار جي ڊيسڪ يا ٿيلهي مان ڪا شيءِ ڪڍڻ لڳي ته هن کي ٻڌائجي ته جيڪڏهن استاد يا اُهو ٻار چوري ڪندي هن کي نٿو ڏسي ته الله تعاليٰ ته هُن کي ضرور ڏِسي رهيو آهي.

### مثال (2)

ٻارن کي ٻُڌائجي ته جيڪڏهن اهي ماءُ پيءُ جي سامهون ڪا ڳالھ لِڪائڻ جي لاءِ ڪوڙ ڳالهائي رهيا آهن ۽ ماءُ پيءُ کي هن ڪوڙ جي خبر به ناهي پئي پر الله تعاليٰ کي ته خبر آهي ته ٻار ڪُوڙ ڳالهائي رهيو آهي ۽ ڪوڙ ڳالهائڻ الله تعاليٰ کي پسند ناهي.

انهيءَ طرح تعاليٰ جو موجودگي جو احساس ٻارن ۾ سچ ڳالهائڻ جي عادت پيدا ڪندو.

## 2. فرشتن تي ايمان

ٻارن کي فرشتن جا نالا ۽ هنن جا ڪمَ زباني ياد ڪرائجن. ٻارن جون ٽوليون ٺاهي هنن کي چئجي ته اهي چار مشهور فرشتن جي نالن ۽ ڪمن بابت هڪ ٻئي کان پُڇا ڪن. استاد لکن وارو بورڊ تي فرشتن جا نالا لِکي ۽ اڳيان خالي جاءِ ڇڏي ٻارن کي چئي ته اهي خالي جاءِ ۾ هن فرشتن جا ڪمَ لکن. اهو ڪم ڪاپي ۾ ڪجي. استاد ٻارن کي ٻڌائي ته به فرشته ڪراماً ڪاتبين هر وقت ۽ هر جاءِ تي انسان سان موجود هوندا آهن ۽ جيڪو ڪم انسان ڪندو آهي اهي هڪ اهڙي رجسٽر ۾ نوٽ ڪندا ويندا آهن جيڪو انسان کي نظر ناهي ايندو. قيامت جي ڏينهن حضرت اسرافيلعَلَيْهِ السَّلَامُ ﷺ صور ڦوڪيندو ۽ سڀ ماڻهو حساب ڪتاب جي لاءِ الله تعاليٰ جي سامهون حاضر ٿيندا ته هن فرشتن جو تيار ڪيل رجسٽر (اعمال نامو) هر انسان جي سامهون رکيو ويندو.

## 3. الله تعاليٰ جي ڪتابن تي ايمان

سڀ کان پهريان ٻارن کي ڪلاس ۾ مختلف نبينعَلَيْهِمُ السَّلَامُ تي لاٿل هن ڪتابن جا نالا ياد ڪرائجن، جيڪي سبق ۾ ڏنل آهن. استاد کي گهرجي ته هو هن مقصد جي لاءِ لکن وارو بورڊ کي استعمال ڪري. استاد ٻارن کي الله تعاليٰ جي ڪتابن جا نالا ياد ڪرائڻ جي لاءِ سواليه انداز به اختيار ڪري سگهي ٿو. جيئن ٻارن کا پُڇا ڪجي ته:

سوال: تورات ڪهڙي پيغمبر تي نازل ٿي؟

جواب: تورات حضرت موسيٰعَلَيْهِ السَّلَامُ تي نازل ٿي.

انهيءَ طريقي سان ٻين الهامي ڪتابن بابت به سوالَ ڪري سگهجن ٿا.

مثال (۱)

بچّہ اگر کسی دوسرے بچّے کے بستے یا ڈیسک میں سے کوئی چیز نکالنے لگے تو اس کو بتایا جائے کہ اگر اسے استاد یا کوئی دوسرا بچّہ چوری کرتا ہوا نہیں دیکھ رہا لیکن اللہ تعالیٰ تو دیکھ رہے ہیں۔

مثال (۲)

بچّے کو بتایا جائے کہ وہ اگر ماں باپ کے سامنے کوئی بات چھپانے کے لیے جھوٹ بول رہا ہے اور اگرچہ ماں باپ کو اس جھوٹ کا پتہ نہیں چلا لیکن اللہ تعالیٰ کو تو پتہ ہے کہ بچّہ جھوٹ بول رہا ہے اور جھوٹ بولنا اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے۔
اس طرح اللہ تعالیٰ کی موجودگی کا احساس بچّوں میں سچ بولنے کی عادت پیدا کرے گا۔

## ۲۔فرشتوں پر ایمان

بچّوں کو فرشتوں کے نام اور ان کے کام زبانی یاد کرائے جائیں۔ بچّوں کے گروپ بنا کر ان سے کہا جائے کہ وہ ایک دوسرے سے چار مشہور فرشتوں کے نام اور کاموں کے بارے میں پوچھیں۔ استاد تختۂ تحریر پر فرشتوں کے نام لکھیں اور آگے خالی جگہ چھوڑ کر بچّوں سے کہے کہ وہ خالی جگہ میں اس فرشتے کا کام لکھیں۔ یہ کام کاپی میں کیا جائے۔ استاد بچّوں کو بتائے کہ دو فرشتے کراماً کاتبین ہر وقت اور ہر جگہ انسان کے ساتھ موجود ہوتے ہیں اور جو کام انسان کرتا ہے وہ ایک ایسے رجسٹر میں نوٹ کرتے جاتے ہیں جو انسان کو نظر نہیں آتا۔ قیامت کے دن جب حضرت اسرافیل علیہ السلام دوسرا صور پھونکیں گے اور سارے لوگ حساب کتاب کے لیے اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑے ہوں گے تو ان فرشتوں کا تیار کردہ رجسٹر (نامۂ اعمال) ہر انسان کے سامنے رکھ دیا جائے گا۔

## ۳۔ اللہ تعالیٰ کی کتابوں پر ایمان

سب سے پہلے بچّوں کو جماعت میں مختلف انبیا علیہم السلام پر اتاری جانے والی ان کتابوں کے نام یاد کرائے جائیں، جو سبق میں دیے گئے ہیں۔ استاد کو چاہیے کہ وہ اس مقصد کے لیے تختۂ تحریر کا استعمال کرے۔ استاد بچّوں کو اللہ تعالیٰ کی کتابوں کے نام یاد کرانے کے لیے سوالیہ انداز بھی اختیار کرسکتا ہے۔ مثال کے طور پر بچّوں سے پوچھا جائے کہ:

سوال : توریت کس پیغمبر پر نازل ہوئی؟

جواب : توریت حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

اسی طرح سے باقی الہامی کتابوں سے متعلق بھی سوالات کیے جاسکتے ہیں۔

قرآن شريف الله تعاليٰ جي آخري ۽ مڪمل ڪتاب آهي. ٻارن کي ٻڌائجي تہ قرآن شريف تي ايمان آڻڻ سان گڏوگڏ ضروري آهي تہ هن کي صحيح عربي ۽ ترجمي سان پڙهائجي ۽ پوءِ جيڪو بہ پڙهجي هن تي عمل ڪرڻ جي ڪوشش ڪجي.

## 4. رسولن تي ايمان

ٻارن کي رسولن جي اچڻ جو مقصد چڱي طريقي سان سمجهائجي. پاڻ ﷺ آخري نبي آهن جنهن تي الله تعاليٰ پنهنجو آخري ڪتاب قرآن شريف نازل ڪيو. پاڻ ﷺ جي زندگي اسان جي لاءِ نمونو آهي. هن ڪري ٻارن کي ٻڌائجي تہ پاڻ ﷺ تي ايمان آڻڻ جي لاءِ ضروري آهي تہ پاڻ ﷺ جي تعليمن کي پنهنجي زندگي جو حصو بڻايون. ٻارن کان پاڻ ﷺ جي حياتيءَ جا ڪا بہ اصولَ پُڇا ڪرڻ کان پوءِ پنهنجي طرفان تيار ڪيل اهي اصول ٻارن کي ٻڌايو.

1. صفائي: پاڻ ﷺ صفائيءَ کي اڌ ايمان چيو آهي. ٻارن کي ٻڌائجي تہ اهي پنهنجو ٿيلهو ڪتابَ، ڪاپيون ۽ يونيفارم صاف سُٿرو رکن. صاف سٿري ٻارن کي سڀ پسند ڪندا آهن.
2. علم حاصل ڪرڻ: پاڻ ﷺ فرمايو "جيڪو علم حاصل ڪندو آهي، الله تعاليٰ هن جي لاءِ جنّت جو رستو آسان ڪندو آهي."

استاد ٻارن کي علم حاصل ڪرڻ جي اهميت سان گڏ اهو بہ ضرور ٻڌائي تہ علم ڦهلائڻ سان گهٽ ناهي ٿيندو پر وڌندو آهي. سياڻا ٻار جيڪڏهن ٻين طالبن جي پڙهائي ۾ مدد ڪري سگهن تہ هنن جو علم وڌندو.

## 5. آخرت تي ايمان

آخرت جي ڏينهن تي ايمان ئي مسلمان جي ايمان جو بنياد آهي. استاد ٻارن کي ٻڌائي تہ بہ فرشتا (ڪراماً ڪاتبين) اسان جو اعمال نامو تيار ڪري رهيا آهن جنهن کي الله تعاليٰ آخرت جي ڏينهن اسان جي سامهون پيش ڪندو. جنهن جا عملَ سُٺا هوندا اهو جنّت ۾ ۽ جنهن جي عملَ بُڇڙا هوندا اهي دوزخ ۾ ويندا. استاد لکن وارو بورڊ تي سُٺي ۽ ڪِني ڪمن جي فهرست ٺاهي سگهي ٿو. جيئن:

| نيڪ ڪمَ | بُرا ڪمَ |
|---|---|
| نماز پڙهڻ | ڪوڙ ڳالهائڻ |
| سچ ڳالهائڻ | ويڙهہ جهيڙهہ ڪرڻ |
| ماءُ پيءُ، استاد ۽ بزرگن جي عزت ڪرڻ | ٻين جي مدد نہ ڪرڻ |
| ٻين جي ڪم اچڻ | گِلا ڪرڻ |
| پاڻ ﷺ جي تعليمن تي عمل ڪرڻ | الله تعاليٰ جي راهہ ۾ مال خرچ نہ ڪرڻ |
| غريبن جي مدد ڪرڻ | نماز نہ پڙهڻ |
| علم حاصل ڪرڻ | قرآن تي عمل نہ ڪرڻ |

قرآنِ پاک اللہ تعالیٰ کی آخری اور مکمل کتاب ہے۔ بچّوں کو بتایا جائے کہ قرآنِ پاک پر ایمان لانے کے علاوہ ضروری ہے کہ اس کو صحیح عربی اور ترجمے کے ساتھ پڑھا جائے اور پھر جو بھی پڑھیں اس پر عمل کرنے کی کوشش کریں۔

## ۴۔ رسولوں پر ایمان

بچّوں کو رسولوں کی آمد کا مقصد اچھی طرح سمجھایا جائے۔ آپ ﷺ آخری نبی ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے اپنی آخری کتاب قرآنِ پاک نازل کی۔ آپ ﷺ کی زندگی ہمارے لیے نمونہ ہے۔ اس لیے بچّوں کو بتائیں کہ آپ ﷺ پر ایمان لانے کے لیے ضروری ہے کہ آپ ﷺ کی تعلیمات کو اپنی زندگی کا حصّہ بنایا جائے۔ بچّوں سے آپ ﷺ کی زندگی کے کوئی دو اصول پوچھنے کے بعد استاد اپنی طرف سے تیار کردہ یہ اصول بچّوں کو بتائے۔

ا۔ صفائی: آپ ﷺ نے صفائی کو نصف ایمان قرار دیا ہے، بچّوں کو بتایا جائے کہ وہ اپنا بستہ، کتابیں، کاپیاں اور یونیفارم صاف ستھرا رکھیں۔ صاف ستھرے بچّوں کو سب پسند کرتے ہیں۔

۲۔ حصولِ علم: آپ ﷺ نے فرمایا ''جو علم حاصل کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت کا راستہ آسان بنا دیتا ہے۔''

استاد بچّوں کو علم حاصل کرنے کی اہمیت کے ساتھ ساتھ یہ ضرور بتائے کہ علم پھیلانے سے کم نہیں ہوتا بلکہ بڑھتا ہے۔ لائق بچّے اگر دوسرے طلبہ و طالبات کی پڑھائی میں مدد کریں گے تو ان کا علم بڑھے گا۔

## ۵۔ آخرت پر ایمان

یومِ آخرت پر ایمان لانا ہر مسلمان کے ایمان کی بنیاد ہے۔ استاد بچّوں کو بتائے کہ دو فرشتے (کراماً کاتبین) ہمارا نامۂ اعمال تیار کر رہے ہیں جسے اللہ تعالیٰ یوم آخرت میں ہمارے سامنے پیش کرے گا۔ جن کے اعمال اچھے ہوں گے وہ جنت میں اور جن کے اعمال برے ہوں گے وہ دوزخ میں جائیں گے۔ استاد تختۂ تحریر پر اچھے اور برے کاموں کی فہرست بنا سکتا ہے۔

مثلاً:

| نیک کام | برے کام |
|---|---|
| نماز پڑھنا | جھوٹ بولنا |
| سچ بولنا | لڑائی جھگڑا کرنا |
| والدین، اساتذہ اور بزرگوں کی عزت کرنا | دوسروں کی مدد نہ کرنا |
| دوسروں کے کام آنا | غیبت کرنا |
| آپ ﷺ کی تعلیمات پر عمل کرنا | اللہ تعالیٰ کی راہ میں مال خرچ نہ کرنا |
| غریبوں کی مدد کرنا | نماز نہ پڑھنا |
| علم حاصل کرنا | قرآن پر عمل نہ کرنا |

طالبن کي چئجي تہ اھا فھرست پنھنجي ڪاپين ۾ نوٽ ڪن ۽ ھن ۾ واڌارو ڪن.
ٻارن جي سمجھايو وڃي تہ سدائين سِڌي رستي تي ھلڻ گھرجي. سِڌو رستو جنت تائين وٺي ويندو پر خرابين وارو ور وڪڙ رستو دوزخ تائين پھچائيندو. وضاحت ڪجي تہ سِڌي رستي کان مراد الله تعاليٰ کي وڻندڙ ڪم ڪرڻ ۽ خراب ڪمن کان بچڻ آھي.

## اسلام جا رُڪنَ

اسلام جي پنج بنيادي رڪنن جو ذڪر اسلاميات جي چوٿين ڪتابَ ۾ آھي. استاد ھن سبق کي غور سان پڑھڻ کان پوءِ ارڪانِ اسلام بابت بنيادي ڳالھيون ذھن ۾ ويھارڻ جي ڪوشش ڪن جيئن ٻارَ ھنن رڪنن کي سمجھي ھنن تي عمل ڪرڻ جي ڪوشش ڪن.

### 1. ڪلمو پاڪ

ڪلمو پاڪ اسلام جو پھريون رڪن آھي. اھو ڪلمو ترجمي سان اسلاميات جي ڪتاب ۾ لِکيل آھي. استاد ڪلمو پاڪ صحيح اعراب ۽ ترجمي سان لکن وارو بورڊ تي لِکن ۽ ٻارن کي چوَن تہ اھي ڪلمو پاڪ ۽ ھن جو ترجمو ڪاپين تي لِکن. جنھن ٻارن کي ڪلمو پاڪ جو ترجمو ناھي ايندو، کين ترجمو ياد ڪرائجي. ڪلاس جي ٻارن جون ٽوليون ٺاھيون وڃن جيڪي ھڪ ٻي جو ترجمو ٻُڌن. استاد ٻارن کي ٻڌائي تہ الله تعاليٰ کي معبود مڃڻ جو مطلب اھو آھي تہ رُڳو ھن جي ئي ڳالھيون مڃيون وڃن.

### 2. نماز

نماز اسلام جو ٻيو رڪن آھي. استادن کي گھرجي تہ ٻارن کي نماز جو پابند ڪن ۽ کين چون تہ اُھي پنھنجي ماءُ پيءُ کي بہ نماز پڑھڻ جي لاءِ چون.

### 3. روزو

روزو اسلام جو ٽيون رڪن آھي. استاد طالبن کي سمجھائن تہ اجان ھنن تي روزا فرض ناھن پر کين روزي جو احترام ڪرڻ گھرجي ۽ روزيدارن جي سامھون يا گھر کان ٻاھر ڪجھہ نہ کائڻ گھرجي. روزي ۾ الله تعاليٰ خراب ڪمن کان جھليو آھي. استاد ٻارن کي ٻڌائي تي رمضان جي پلاري مھيني ۾ سڀ ڪِني ڪمن کان بچڻ جو ڪوشش ڪيو. ايئن روزي جو احترام بہ ٿيندو ۽ بُري ڪمن کان بہ پري ٿي ويندا.

طلبہ و طالبات سے کہیں کہ یہ فہرست اپنی کاپیوں میں نوٹ کرلیں اور اس میں اضافہ کریں۔
بچّوں کو سمجھایا جائے کہ ہمیشہ سیدھے راستے پر چلنا چاہیے۔ سیدھے راستے جنت تک لے جاتے ہیں جبکہ برائیوں کے ٹیڑھے راستے دوزخ تک پہنچاتے ہیں۔ وضاحت کی جائے کہ سیدھے راستے سے مراد اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ کام کرنا اور برے کاموں سے بچنا ہے۔

## ارکانِ اسلام

اسلام کے پانچ بنیادی ارکان کا ضروری تذکرہ اسلامیات کی چوتھی کتاب میں کردیا گیا ہے۔ اساتذہ اس سبق کو غور سے پڑھنے کے بعد بچّوں کو ارکانِ اسلام کے بارے میں بنیادی باتیں ذہن نشین کرانے کی کوشش کریں تاکہ وہ ان ارکان کو سمجھ کر ان پر عمل کرنے کی کوشش کریں۔

### ا۔ کلمۂ طیبہ

کلمۂ طیبہ اسلام کا پہلا رکن ہے۔ یہ کلمہ مع ترجمہ اسلامیات کی کتاب میں درج ہے۔ اساتذہ کلمۂ طیبہ صحیح اعراب اور ترجمے کے ساتھ تختۂ تحریر پر لکھیں اور بچّوں سے کہیں کہ وہ کلمۂ طیبہ اور اس کا ترجمہ کاپی پر اتارلیں۔ جن بچّوں کو کلمۂ طیبہ کا ترجمہ نہیں آتا، انھیں ترجمہ یاد کرایا جائے۔ جماعت کے بچّوں کے گروپ بنائے جائیں جو ایک دوسرے سے ترجمہ سنیں۔ اساتذہ بچّوں کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ کو معبود ماننے کا مطلب یہ ہے کہ صرف اس کی باتیں مانی جائیں۔

### ۲۔ نماز

نماز اسلام کا دوسرا رکن ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ بچّوں کو نماز کا پابند بنائیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنے والدین کو بھی نماز پڑھنے کے لیے کہیں۔

### ۳۔ روزہ

روزہ اسلام کا تیسرا رکن ہے۔ اساتذہ طلبہ و طالبات کو سمجھائیں کہ ابھی ان پر روزے فرض نہیں ہیں لیکن انھیں روزے کا احترام کرنا چاہیے اور روزے کے دوران روزے داروں کے سامنے یا گھر سے باہر کچھ نہیں کھانا چاہیے۔ روزے میں اللہ تعالیٰ نے برے کام کرنے سے منع کیا ہے۔ اساتذہ بچّوں کو بتائیں کہ رمضان المبارک میں تمام برے کاموں سے بچنے کی کوشش کریں۔ اس طرح روزے کا احترام بھی ہوجائے گا اور برائیاں بھی دور ہوجائیں گی۔

## 4. زڪوٰت

زڪوٰت اسلام جو چوٿون رڪن آهي جيڪا هر صاحبِ نصاب تي فرض آهي. جيئن هڪ مسلمان وٽ پنهنجي ضرورتن کان وڌيڪ نقد پيسہ، سوني، چاندي جا زيور هجن ۽ هن تي پورو هڪ سال گذري وڃي تہ هن مان خاص حصو ڪنهن غريب مائٽ يا محتاج، مسڪين، نومسلم، مسافر يا قرض دار ماڻهو کي ڏي ۽ ڏئي هن تي احسان نہ جتايو وڃي ۽ پنهنجي تعريف جو اميد بہ نہ رکجي تڏهن الله تعاليٰ اهڙي زڪوٰت کي قبول ڪندو آهي ۽ زڪوٰة ڏيڻ واري جي مال کي پاڪ ڪندو ۽ وڌائيندو آهي.

ڇا ڪاڻ تہ ٻارن تي زڪوٰت فرض ناهي انهيءَ ڪري استادن کي گهرجي تہ اهي ٻارن ۾ ٻين جي مدد ڪرڻ جو جذبو پيدا ڪرڻ جي لاءِ کين چون تہ اهي پنهنجي خرچيءَ مان ٻين ٻارن جي مدد ڪن. ڪلاس جا ٻار هڪ "ياندباري" ۾ پيسہ جمع ڪندا رهن ۽ مهيني جي آخر ۾ هن پيسن مان پنهنجي ڪنهن غريب دوست کي فيس، ڪاپيون، ڪتابَ ۽ پڙهڻ جي لاءِ ٻيون شيون وٺي ڏين.

## 5. حج

حج مسلمانن جو عالمگير اجتماع ۽ اسلام جو پنجون رُڪن آهي. ٿي سگهي تہ استاد حرمين شريفين جو ماڊل ٺاهي طالبن کي ٻڌائي تہ ڪعبو شريف ڪنهن ۽ ڪڏهن ٺاهيو؟ طالبن کي ماڊل جي مدد سان طواف بابت ٻڌايو. ڪلاس ۾ طالبن جون ٽوليون ٺاهيو ۽ کين چئو تہ اهي واري واري هڪ ٻئي کان اسلام جي رڪنن جو تعداد ۽ تفصيل پُڇا ڪن. استاد هنن جي نگراني ڪري.

### گهر جو ڪم

طالبن کي چئجي تہ اهو گهران گتّي جي سادي ٽڪڙن تي الڳ الڳ اسلام جا رڪنَ لِکي اچن ۽ هنن کي ڪنهن پِٽ تي يا نوٽس بورڊ تي هڻن.

## الله تعاليٰ جي حقَ

ٻارن کي الله تعاليٰ جي حقن کي پورو ڪرڻ جا عملي تقاضا ٻڌائڻ کان پهريان ضروري آهي تہ استاد ٻارڻ پنهنجي ذهن ۾ هن تصور کي واضح ڪري. اسلام الله تعاليٰ جي طرفان عطا ڪيل حياتيءَ جو مڪمل ضابطو ۽ عملي دين آهي. الله تعاليٰ وٽ اصل دين اسلام ئي آهي انهيءَ ڪري هن تي گهڻي اعتماد ۽ برتري جي احساس سان گڏ عمل ڪرڻ جي ضرورت آهي. الله تعاليٰ ساري ڪائنات کي پيدا ڪرڻ وارو آهي. هو دلن جا رازَ بہ ڄاڻي ٿو. اسان جو فرض آهي تہ پنهنجي پيدا ڪرڻ واري سان محبت ڪيون.

### ۴۔ زکوٰۃ

زکوٰۃ اسلام کا چوتھا رکن ہے جو ہر صاحبِ نصاب پر فرض کی گئی ہے۔ مثلاً اگر کسی مسلمان کے پاس اپنی ضروریات کے علاوہ نقد رقم یا سونے ، چاندی کے زیورات ہوں اور ان پر پورا ایک سال گزر جائے تو ان میں سے مخصوص حصّہ کسی غریب رشتے دار یا محتاج ، مسکین ، نومسلم ، مسافر یا قرض دار شخص کو دے دے اور اگر دے کر اس پر احسان نہ جتایا جائے اور اپنی تعریف کی توقع بھی نہ رکھی جائے تو اللہ تعالیٰ ایسی زکوٰۃ قبول کرتا ہے اور زکوٰۃ دینے والے کے مال کو پاک کردیتا ہے اور بڑھاتا ہے۔

بچّوں پر چونکہ زکوٰۃ فرض نہیں ہوتی، اس لیے اساتذہ کو چاہیے کہ وہ بچّوں میں دوسروں کی مدد کا جذبہ پیدا کرنے کے لیے انھیں کہیں کہ وہ اپنے جیب خرچ سے دوسرے بچّوں کی مدد کریں۔ جماعت کے بچّے ایک ''گلک'' میں پیسے جمع کرتے جائیں اور مہینے کے آخر میں اس رقم سے اپنے کسی غریب دوست کی فیس ، کاپیاں ، کتابیں یا پڑھنے کے لیے دوسری چیزیں لے کر دیں۔

### ۵۔ حج

حج مسلمانوں کا عالم گیر اجتماع اور اسلام کا پانچواں رکن ہے۔ اگر استاد کے لیے ممکن ہو تو وہ حرمین شریفین کا ماڈل بنا کر طلبہ و طالبات کو بتائیں کہ خانۂ کعبہ کس نے اور کب بنایا تھا؟ طلبہ و طالبات کو ماڈل کی مدد سے طواف کے بارے میں بھی بتائیں۔ جماعت میں طلبہ و طالبات کے گروپ بنائیں اور ان سے کہیں کہ وہ باری باری ایک دوسرے سے اسلام کے ارکان کی تعداد اور تفصیل پوچھیں۔ استاد ان کی نگرانی کرے۔

### گھر کا کام

طلبہ و طالبات سے کہا جائے کہ وہ گھر سے گتے کے سادہ ٹکڑوں پر الگ الگ ارکانِ اسلام لکھ کر لائیں اور انھیں کسی دیوار پر یا نوٹس بورڈ پر آویزاں کریں۔

## اللہ تعالیٰ کے حقوق

اللہ تعالیٰ کے حقوق کی ادائیگی کے عملی تقاضے بچّوں کو بتانے سے پہلے ضروری ہے کہ اساتذہ خود اپنے ذہن میں اس تصور کو واضح کریں۔ اسلام اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ مکمل ضابطۂ حیات اور عملی دین ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں اصل دین ، اسلام ہی ہے اس لیے اس پر بہت اعتماد اور احساس برتری کے ساتھ عمل کرنے کی ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ پوری کائنات کو پیدا کرنے والا ہے وہ دلوں کے بھید بھی جانتا ہے۔ ہمارا فرض ہے کہ اپنے پیدا کرنے والے سے محبت کریں۔

مثال:

جيڪڏهن ٻار پنهنجي ماءُ ۽ پيءُ کي چئي تہ مونکي توهان سان محبت آهي ۽ هنن جو چوڻ نہ مڃي تہ ظاهر آهي تہ ماءُ ۽ پيءُ خوش نہ ٿيندا. ساڳي نموني جيڪڏهن الله تعاليٰ سان محبت جو اقرار ڪجي ۽ پوءِ هن جي ڳالهہ نہ مڃجي تہ اهو خوش نہ ٿيندو ۽ الله تعاليٰ جنهن کان ناراض ٿيندو آهي هن تي پنهنجي رحمتَ نازل ناهي ڪندو. الله تعاليٰ جي محبت جي لاءِ ضروري آهي تہ هن جي ڪتاب "قرآن" کي سمجهيو وڃي. عربي اسان جي زبان ناهي, انهيءَ ڪري ٻارن ۾ ترجمي سان قرآن شريف پڙهڻ جي عادت وجهو ۽ ڪلاس ۾ هن جي مشق ڪرايو. پاڻﷺ فرمايو "هن قرآن جو هڪ پاسو الله تعاليٰ جي هٿ ۾ آهي. انهيءَ ڪري قرآن کي مضبوطيءَ سان پڪڙيو تہ سِڌي رستي کان ڪڏهن نہ گمراهہ ٿيندؤ ۽ دنيا ۽ آخرت ٻنهني جي اڳواٽي حاصل ڪندؤ." الله تعاليٰ حاضر ۽ ناظر آهي. انهيءَ ڪري الله تعاليٰ جي موجودگي جو احساس ڪري حلال شيئون استعمال ڪرڻ ۽ حرام ڪمن کان بچڻ جي ڪوشش ڪرڻ گهرجي. استاد ٻارن کي چون تہ اهي پنهنجي ڪاپي يا لکن وارو بورڊ تي واري واري اچي سُٺي ۽ خراب ڪمن جي فهرست ٺاهن. جيئن ڪجهہ سُٺا ۽ خراب ڪم اِهي آهن:

| نيڪ ڪمَ | خراب ڪمَ |
|---|---|
| سچ ڳالهائڻ | ڪوڙ ڳالهائڻ |
| نماز پڙهڻ | نماز نہ پڙهڻ |
| وڏن جو چوڻ ونڻ | وڏن جو چوڻ نہ ونڻ |
| پاڻ ۾ ويڙهہ جهيڙهہ نہ ڪرڻ | ويڙهہ جهيڙهہ ڪرڻ |
| ٻين جي مدد ڪرڻ | خود غرض ٿي وڃن |
| چڱائيون بيان ڪرڻ | گِلا ڪرڻ |
| محنت ڪرڻ | راند روند ۾ وقت وڃائڻ |

الله تعاليٰ سان محبت جو حق ادا ڪرڻ جي لاءِ ضروري آهي تہ هن جي ٻانهن سان محبت ڪجي. پاڻﷺ فرمايو "ڪنهن مسلمان ٻي مسلمان کي بُک جي حالت ۾ ماني کارائي تہ قيامت جي ڏينهن الله تعاليٰ هن کي جنت جا ميوا کارائيندو. ڪنهن اُگهاڙي کي ڪپڙا پارايا تہ هن کي جنت جو لباس پارايا ويندا ۽ ڪنهن اڃايل کي پاڻي پياريو تہ هن کي نشي کان پاڪ بهترين مشروب ڏِنو ويندو."

مثال :

اگر بچّے اپنے امی اور ابو سے کہیں کہ ہمیں آپ سے بہت محبت ہے اور وہ ان کا کہنا نہ مانیں تو ظاہر ہے کہ امی اور ابو خوش تو نہیں ہوں گے۔ اسی طرح اگر اللہ تعالیٰ سے محبت کا اقرار کیا جائے اور پھر اس کی بات نہ مانی جائے تو وہ خوش نہیں ہوگا اور اللہ تعالیٰ جس سے ناراض ہوگا اس پر اپنی رحمت نازل نہیں کرے گا۔ اللہ تعالیٰ سے محبت کے لیے ضروری ہے کہ اس کی کتاب 'قرآن' کو سمجھا جائے۔ عربی ہماری زبان نہیں، اس لیے بچّوں کو ترجمے کے ساتھ قرآن پڑھنے کی عادت ڈالی جائے اور جماعت میں اس کی مشق کرائی جائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا، ''اس قرآن کا ایک سرا اللہ تعالیٰ کے ہاتھوں میں ہے۔ پس قرآن کو مضبوطی سے تھامو تو سیدھی راہ سے کبھی نہیں بھٹکو گے اور دنیا و آخرت دونوں کی رہنمائی حاصل کرو گے۔'' اللہ تعالیٰ حاضر و ناظر ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ کی موجودگی کا احساس کرکے حلال چیزیں استعمال کرنے اور حرام کاموں سے بچنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ اساتذہ بچّوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپی پر یا تختۂ تحریر پر باری باری آ کر اچھے اور برے کاموں کی فہرست بنائیں۔ مثلاً: چند اچھے اور برے کام یہ ہیں:

| نیک کام | برے کام |
|---|---|
| سچ بولنا | جھوٹ بولنا |
| نماز پڑھنا | نماز چھوڑ دینا |
| بڑوں کا کہنا ماننا | بڑوں کا کہنا نہ ماننا |
| آپس میں جھگڑا نہ کرنا | جھگڑا کرنا |
| دوسروں کی مدد کرنا | خودغرض بن جانا |
| اچھائیاں بیان کرنا | غیبت کرنا |
| محنت کرنا | کھیل کود میں وقت ضائع کرنا |

اللہ تعالیٰ سے محبت کا حق ادا کرنے کے لیے ضروری ہے کہ اس کے بندوں سے محبت کی جائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا، ''کسی مسلمان نے کسی مسلمان کو بھوک کی حالت میں کھانا کھلایا تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کو جنت کے پھل کھلائے گا، کسی بے لباس کو کپڑا پہنایا تو اسے جنت کی پوشاک پہنائی جائے گی اور کسی پیاسے کو پانی پلایا تو اسے نشے سے پاک بہترین مشروب دیا جائے گا۔''

## گھر جو ڪم

ٻارن کي چئجي تہ اهي الله تعاليٰ جي صفتون هر روز گھران ياد ڪري اچن.

# ٻانهَن جي حقَ

الله تعاليٰ پنهنجي حقن جي ادائي سان گڏوگڏ ٻانهن جا حقَ ادا ڪرڻ تي بہ گھڻو زور ڏِنو آهي. الله تعاليٰ جي حقَ ادا ڪرڻ کان پوءِ ٻانهن جي حقَ ادا نہ ڪرڻ وارو تمام بدنصيب هوندو آهي. اسلام جهنگ يا ويراني ۾ ويهي الله الله ڪرڻ جو نالو ناهي پر اهو سڀ انسانن جي رهنمائي ۽ چڱائي جي لاءِ آهي. هڪ ماڻهو سان خاندان ۽ خاندان سان معاشرو ٺهندو آهي. الله تعاليٰ جي رضا خاطر هڪ ٻئي جا حقَ ادا ڪرڻ سان اسلامي معاشري جا بنيادَ مضبوط ٿيندا آهن.

- هر ٻارَ کان واري واري سان پُڇا ڪيو تہ ٻانهن جا ڪهڙا حقَ ادا ڪرڻ ضروري آهن؟
- جنهن ماڻهن کي حقَ ادا ڪرڻ جي هدايت ڪئي وئي آهي، هنن جو ذڪر نصابي ڪتاب ۾ موجود آهي. ٻارن کي چئجي تہ اهي هن ماڻهن جي فهرست پنهنجي ڪمري ۾ الماريءَ ۾ پڙهڻ واري ميز تي لڳائن جيئن هنن جي نظر وقفي وقفي سان هن تي پوندي رهي.

## خاڪو

درمياني سائز جي هڪ ڪنڊن وارن ٻوڙي کي رستي تي وجهجي ۽ هڪ ٻارَ کي چئجي تہ هن هو رستي کان لنگھي تہ اهو ٻوڙو هٽائي ڇڏي جيئن هتان لنگھڻ واري ڪنهن ماڻهو کي تڪليف نہ ٿي. رستي کان ٻوڙو ڪنڊا يا پٿر پري ڪرڻ بہ ٻانهن جا حق ادا ڪرڻ ۾ شامل آهي.

ٻہ ٻارن ۾ ڪنهن هڪ کي قرض ڏيڻ وارو ۽ ٻي کي مقروض ٺاهيو. ضرورت مند کي قرض ڏيڻ بہ فرض آهي. قرض واپس ڪرڻ بہ فرض آهي ۽ قرض کي معاف ڪرڻ احسان آهي. انهيءَ ڪري هڪ ٻار کي قرض ڏيندي ۽ ٻي کي قرض وٺندي ڏيکارجي.

## گھر جو ڪم

ٻار ماءُ پيءُ جي حقن بابت پنج هدايتون زباني ياد ڪري اچن.

### گھر کا کام

بچّوں سے کہا جائے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی دو صفات ہر روز گھر سے یاد کر کے آئیں۔

## بندوں کے حقوق

اللہ تعالیٰ نے اپنے حقوق کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ بندوں کے حقوق ادا کرنے پر بھی بہت زور دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے حقوق ادا کر کے بندوں کے حقوق ادا نہ کرنے والا بہت بدنصیب ہوتا ہے۔ اسلام جنگل یا ویرانے میں بیٹھ کر اللہ اللہ کرنے کا نام نہیں بلکہ یہ تمام انسانوں کی رہنمائی اور بھلائی کے لیے ہے۔ ایک فرد سے خاندان اور خاندان سے معاشرہ بنتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر ایک دوسرے کے حقوق ادا کرنے سے اسلامی معاشرے کی بنیادیں مضبوط ہوتی ہیں۔

☆ ہر بچّے سے باری باری پوچھا جائے کہ بندوں کے کون کون سے حقوق ادا کرنے ضروری ہیں؟

☆ جن لوگوں کے حقوق ادا کرنے کی تلقین کی گئی ہے، ان کا ذکر نصابی کتاب میں موجود ہے۔ بچّوں سے کہا جائے کہ وہ ان لوگوں کی فہرست اپنے کمرے میں الماری یا پڑھنے والی میز پر لگا دیں تاکہ ان کی نظر وقتاً فوقتاً اس پر پڑتی رہے۔

### خاکے

درمیانے سائز کی ایک خاردار جھاڑی کو راستے میں ڈال دیا جائے اور ایک بچّے سے کہا جائے کہ وہ اس راستے سے گزرے تو یہ جھاڑی ہٹا دے تاکہ یہاں سے گزرنے والے کسی شخص کو تکلیف نہ پہنچے۔ راستے سے جھاڑی، کانٹے یا پتھر ہٹانا بھی بندوں کے حقوق ادا کرنے میں شامل ہے۔

دو بچّوں میں سے ایک کو قرض خواہ اور دوسرے کو مقروض بنایا جائے۔ ضرورت مند کو قرض دینا بھی فرض ہے، قرض واپس کرنا بھی فرض ہے اور قرض کا معاف کرنا احسان ہے۔ اس لیے ایک بچّے کو قرض لیتے اور دوسرے کو قرض دیتے ہوئے دکھایا جائے۔

### گھر کا کام

بچّے والدین کے حقوق کے بارے میں پانچ ہدایات زبانی یاد کر کے آئیں۔

باب ٽيون: سيرت پاڪ ﷺ

# وحيءَ جو نزول

حضور اڪرم ﷺ ننڍپڻ کان ئي اعليٰ ۽ غير معمولي صفتن جا مالڪ هئا ۽ هن تمام بُرائين کان پري رهندا هئا جيڪي پاڻ ﷺ جي قوم ۾ عام ٿي چڪيون هيون. پاڻ ﷺ جي قوم جوا کيڏيندي، ماڻهن کي ناحق قتل ڪندي، ڌيئرن کي جيئرو پوريندي، ڪُوڙ ڳالهائيندي ۽ بُتن جي پوڄا ڪندي هئي. پاڻ ﷺ پنهنجي قوم کي اخلاقي هيڻاهين کان ڪڍڻ جي ڪوشش شروع ڪئي. پاڻ ﷺ چاهيو ته ماڻهو بتن جي پوڄا ڇڏي هڪ الله تعاليٰ جي عبادتَ ڪن. پاڻ ﷺ غارِ حرا ۾ ويهي غور ۽ فڪر ڪندا ۽ الله تعاليٰ جي عبادت ڪندا هئا. هُتي ئي وحي جي شروعات ٿي.

هن سلسلي ۾ ٻه نقشا تيار ڪري سگهجن ٿا.

- پهرين چارٽ تي هڪ جبل ناهيو وڃي. هن جي اندر هڪ غار ڏيکارجي. غار مان روشني جا ڪرڻا چار ئي پاسا نڪرندي ڏيکارجن جيڪي اسلام جو پيغام ڦهلندي ظاهر ڪن. ڪرڻن تي ڪاري پنسل سان ڪنهن ڪنهن جاءِ تي اسلام لکجي جنهن کان اندازو ٿي ته اسلام جو نور غارِ حرا کان ڦهلڻ شروع ٿيو.
- ٻي چارٽ ۾ پوسٽر پيپر کي چار حصن ۾ ورهائجي. هن ۾ بيجان شيئن جي تصويرن جي مدد سان عربن ۾ اسلام کان پهريان موجود اخلاقي برائين کي واضح ڪجي.

## گهر جو ڪم

نزولِ وحي جو سبق پڙهڻ کان پوءِ مشقي سوالن سان گڏوگڏ ٻارَ گهران ننڍا ننڍا سوال به تيار ڪري اچنَ ۽ استاد طالبن کان هنن جا جواب پڇا ڪري.

ٻارن کي چئجي ته اهي نزولِ وحي جي پهرين آيت ترجمي سان گهران ياد ڪري اچن.

پهرين وحيءَ جا لفظَ ۽ ترجمو طالبن کي چڱي طرح حفظ ڪرائجي. ٻه، ٻه ٻارن جون ٽوليون ناهي چئو ته هو هڪ ٻئي کان وحيءَ جا لفظَ ۽ هن جو ترجمو زباني ٻڌن.

# نزولِ وحی

حضرت محمد ﷺ بچپن سے ہی اعلیٰ اور غیر معمولی صفات کے مالک تھے اور ان تمام برائیوں سے دور رہتے تھے جو آپ ﷺ کی قوم میں عام ہوچکی تھیں۔ آپ ﷺ کی قوم جوا کھیلتی، لوگوں کو ناحق قتل کرتی، بیٹیوں کو زندہ دفن کرتی، جھوٹ بولتی اور بتوں کی پوجا کرتی تھی۔ آپ ﷺ اپنی قوم کو اس اخلاقی پستی سے نکالنا چاہتے تھے۔ آپ ﷺ چاہتے تھے کہ لوگ بتوں کو چھوڑ کر ایک اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں۔ آپ ﷺ غارِ حرا میں بیٹھ کر غور وفکر کرتے اور اللہ تعالیٰ کی عبادت کیا کرتے تھے۔ یہیں سے وحی کی ابتدا ہوئی۔

اس ضمن میں دو نقشے تیار کیے جاسکتے ہیں۔

اس کے لیے پوسٹر پیپر اور رنگین پنسلوں کی ضرورت ہے۔

☆ پہلے چارٹ میں ایک پہاڑ بنایا جائے۔ اس کے اندر ایک غار دکھایا جائے۔ غار میں سے روشنی کی کرنیں چاروں طرف نکلتی ہوئی دکھائی جائیں جو اسلام کا پیغام پھیلنا ظاہر کریں۔ کرنوں پر سیاہ پنسل سے کہیں کہیں اسلام لکھا جائے جس سے اندازہ ہو کہ اسلام کا نور غارِ حرا سے پھیلنا شروع ہوا تھا۔

☆ دوسرے چارٹ میں پوسٹر پیپر کو چار حصّوں میں تقسیم کردیا جائے۔ اس میں بنائی جانے والی بے جان اشیا کی تصاویر کی مدد سے عربوں میں اسلام سے قبل کی اخلاقی برائیوں کو اُجاگر کیا جائے۔

## گھر کا کام

نزولِ وحی کا سبق پڑھنے کے بعد مشقی سوالات کے علاوہ بچّے گھر سے چھوٹے چھوٹے سوالات تیار کرکے لائیں اور استاد طلبہ و طالبات سے ان کے جوابات پوچھے۔

بچّوں سے کہا جائے کہ وہ نزولِ وحی کی پہلی آیت مع ترجمہ گھر سے یاد کرکے آئیں۔

پہلی وحی کے الفاظ اور ترجمہ طلبہ و طالبات کو اچھی طرح حفظ کرایا جائے۔ دو ، دو بچّوں کے گروپ بنا کر کہیں کہ وہ ایک دوسرے سے وحی کے الفاظ اور اس کا ترجمہ زبانی سنیں۔

# اسلام جي دعوت

طالبن کي سورة المدثر جون شروع جي آيتن جو ترجمو ياد ڪرائجي ۽ پوءِ واري واري سان ڪجهه ٻارن جي ذميواري لڳائجي تہ هو ٻين طالبن کي ترجمو ياد ڪرائن.
الله تعاليٰ پاڻ ﷺ کي حڪم ڏنو تہ اسلام ڦهلايو وڃي، انهيءَ ڪري ٻارن کي ٻڌائجي تہ اسلام جي تعليمن تي هو نہ رڳو پاڻ ﷺ عمل ڪن پر گهر وارن ۽ دوستن کي بہ سٺيون ڳالهيون سمجهائن. جيئن ٻار نماز باقاعدي پڙهڻ شروع ڪري ٿو تہ هو پنهنجي ڪنهن هڪ دوست کي نماز جي عادت ضرور وجهي ۽ هن کي پاڻ سان گڏ مسجد وٺي وڃي.
ٻارن کي ٻڌائجي تہ لباس پاڪ رکڻ سان گڏ اخلاق بہ پاڪيزه ۽ سُٺا هجڻ گهرجن. خاندان وارن کي اسلام جي دعوت ڏيندي پاڻ ﷺ فرمايو هو تہ دنيا جي هر شئي جو حساب آخرت ۾ ڏيڻو پوندو. هن جي وضاحت جي لاءِ ٻارن جي ذهن ۾ اها ڳالهہ چڱي طرح ويهارجي تہ اسان جيڪي بہ سُٺا يا ڪِنا ڪم ڪري رهيا آهيون هنن کي بہ فرشتا (ڪراماً ڪاتبين) لِکي رهيا آهن. روزاني زندگي ۾ اسان جيڪي شيئون ضائع ڪندا آهيون (جيئن ڪاپيءَ جو صفحو ڦاڙهي ڦٽي ڪرڻ، پليٽ ۾ ٻوڙ ڇڏي ڏيڻ، گلاس ۾ پاڻي ضائع ڪرڻ يا وضو ڪندي وڏيڪ پاڻي وهائڻ، پنسل هرَ هرَ ڇلي ضائع ڪرڻ وغيره) هنن جو بہ حساب ٿيندو. اهي شيئون ٻارن کي عملاً بہ ڪري ڏيکاري سگهجن ٿيون. ٻارن کي ٻڌائجي تہ جيڪڏهن سُٺي ڪم تي ڪو توهان جو حوصلو نہ بہ وڌائي تڏهن بہ الله تعاليٰ جي رضا جي لاءِ اهو ڪم جاري رکجي، ڇا ڪاڻ تہ پاڻ ﷺ بہ قريش جي مخالفت هوندي بہ اسلام جي تبليغ جو ڪم جاري رکيو هو.
ٻارن کان رنگين پنسلون ۽ پوسٽر پيپر گُهرايو. پوسٽر پيپر جا بہ برابر حصا ڪيو. هڪ حصي جي مٿان دنيا ۽ ٻي تي جنت لِکجي. دنيا واري حصي ۾ خانا ٺاهي هن ۾ ڪجهه اخلاقي برائيون لِکجن ۽ ٻارن کي چئجي تہ جڏهن اهي هڪ اخلاقي برائي (جيئن ڪوڙ ڳالهائڻ) ڇڏي ڏين ۽ هڪ سٺو عمل شروع ڪن تي سائي پنسل سان جنت واري پوسٽر ۾ هڪ وڻ ۽ گاهہ ٺاهن. انهِيءَ طريقي سان برائيون ختم ڪرڻ جي ڪوشش ڪن. هن جي جاءِ تي جنت واري پوسٽر پيپر تي گل، جبل، بادل ۽ باغ وغيره ٺاهن. ايئن جيئن جيئن ٻارَ خراب ڪم ڇڏيندا ويندا ۽ سٺا عمل ڪندا ويندا جنت ۾ هن جي لاءِ نعمتن ۾ واڌارو ٿيندو. جنت جو صحيح تصور ذهن ۾ ويهارڻ جي لاءِ اهو تمام اثرائتو عملي ڪم آهي جنهن جو نتيجو ان شاء الله تمام سُٺو نڪرندو.

## گهر جو ڪم

طالبن کي ڪتاب ۾ ڏنل سورة المدثر جي آيتن جو ترجمو گهران ياد ڪري اچڻ جي لاءِ چئجي.
پاڻ ﷺ پنهنجي رشتيدارن کي دعوت تي گهرائي اسلام جي دعوت ڏني هئي. ٻار هن کي پنهنجي لفظن ۾ لکي ڪٺي اچن.

# اسلام کی دعوت

طلبہ و طالبات کو سورۃ المدثر کی ابتدائی آیات کا ترجمہ یاد کرایا جائے اور پھر باری باری چند بچّوں کی ذمہ داری لگائی جائے کہ وہ دوسرے طلبہ و طالبات کو ترجمہ یاد کرائیں۔

اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو حکم دیا کہ اسلام پھیلایا جائے، اس لیے بچّوں کو بتایا جائے کہ اسلام کی تعلیمات پر وہ نہ صرف خود عمل کریں بلکہ گھر والوں اور دوستوں کو بھی اچھی باتیں بتائیں۔ مثلاً اگر ایک بچّہ نماز باقاعدگی سے پڑھنا شروع کرتا ہے تو وہ اپنے کسی ایک دوست کو نماز کی عادت ضرور ڈالے اور اسے اپنے ساتھ مسجد لے کر جایا کرے۔

بچّوں کو بتایا جائے کہ لباس پاک رکھنے کے ساتھ ساتھ اخلاق بھی پاکیزہ اور اچھے ہونے چاہئیں۔ خاندان والوں کو اسلام کی دعوت دیتے وقت آپ ﷺ نے فرمایا تھا کہ دنیا کی ہر چیز کا حساب آخرت میں دینا ہوگا۔ اس کی وضاحت کے لیے بچّوں کے ذہن میں یہ بات اچھی طرح بٹھائی جائے کہ ہم جو بھی اچھے یا برے کام کررہے ہیں انھیں دو فرشتے (کراماً کاتبین) نوٹ کررہے ہیں۔ روزمرہ زندگی میں ہم جو چیزیں ضائع کرتے ہیں (مثلاً کاپی کا صفحہ پھاڑ کر پھینک دینا، پلیٹ میں سالن چھوڑ دینا، گلاس کا پانی ضائع کردینا یا وضو میں زیادہ پانی بہانا، پنسل بار بار چھیل کر ضائع کرنا وغیرہ) ان کا بھی حساب ہوگا۔ یہ چیزیں بچّوں کو عملاً بھی کرکے دکھائی جاسکتی ہیں۔

بچّوں کو بتایا جائے کہ اگر کوئی آپ کے اچھے کام کی حوصلہ افزائی نہ بھی کرے تو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے وہ کام جاری رکھا جائے کیونکہ آپ ﷺ نے بھی قریش کی مخالفت کے باوجود اسلام کی تبلیغ کا کام جاری رکھا تھا۔

بچّوں سے رنگین پنسلیں اور پوسٹر پیپر منگوایا جائے۔ پوسٹر پیپر کے دو برابر حصّے کیے جائیں، ایک حصّے کے اوپر دنیا اور دوسرے پر جنت لکھا جائے۔ دنیا والے حصّے میں خانے بنا کر ان میں چند اخلاقی برائیاں لکھی جائیں اور بچّوں سے کہا جائے کہ وہ جب ایک اخلاقی برائی (مثلاً جھوٹ بولنا) چھوڑ دیں اور ایک اچھا عمل کریں تو ہرے رنگ کی پنسل سے جنت والے پوسٹر پر ایک درخت اور گھاس بنائیں۔ اس طرح برائیاں ختم کرنے کی کوشش کریں۔ ان کی جگہ جنت والے پوسٹر پیپر پر پھول، پہاڑ، بادل اور باغ وغیرہ بنائیں۔ اس طرح جوں جوں بچّے برے کام چھوڑتے جائیں گے اور اچھے اعمال کرتے جائیں گے جنت میں ان کے لیے نعمتوں میں اضافہ ہوتا جائے گا۔ جنت کا صحیح تصور ذہن میں بٹھانے کے لیے یہ بہت مؤثر عملی کام ہے جس کا نتیجہ ان شاء اللہ بہت اچھا ہوگا۔

## گھر کا کام

طلبہ و طالبات کو کتاب میں دی ہوئی سورۃ المدثر کی آیات کا ترجمہ گھر سے یاد کرکے آنے کے لیے کہا جائے۔

آپ ﷺ نے اپنے رشتے داروں کو دعوت میں بلا کر اسلام کی جو دعوت دی تھی بچّے اسے اپنے الفاظ میں لکھ کر لائیں۔

# ثابت قدمي

ٻارن کي ٻڌائجي تہ الله تعاليٰ انسان کي دنيا ۾ هڪ مقرر وقت جي لاءِ موڪليو آهي. دنيا ۾ انسان جيڪو بہ ڪم ڪري رهيو آهي، هن کي الله تعاليٰ وٽ وڃي هن ڪمن جو حساب ڏيڻو آهي. سُٺا ڪم ڪرڻ واري جي زندگي دنيا ۽ آخرت ٻنهني ۾ ڪامياب ۽ بُرا ڪم ڪرڻ واري جي زندگي ناڪام هوندي آهي. انهيءَ ڪري ٻارن کي ٻڌائجي تہ جيڪو بہ نيڪ ڪم ڪن، هن تي سدائين ثابت قدم رهن ۽ جيڪڏهن ڪو توهان سان بُرو سلوڪ ڪري تہ بہ هن سان سٺو سلوڪ ڪيو.

## خاڪو

اهو تصور هڪ ڪهاڻي جي صورت ۾ سمجھائي سگھجي ٿو. جھڙوڪ بہ ٻار آهن جنهن مان هڪ ٻار شرير هجي جيڪو هر هڪ جي سامهون سُٺي ٻار جي بُرائي ڪندو آهي. هڪ ڏينهن شرير ٻار ڪلاس ۾ ڪِري زخمي ٿي ويندو آهي تہ سٺو ٻار سڀ کان پهريان هن وٽ وڃي هن جو زخم صاف ڪندو آهي. سندس زخم تي ڪپڙو ٻَڌندو آهي، آرام سان هن کي هڪ جاءِ تي ويهاريندو آهي، ايئن شرير ٻار سٺي سلوڪ کان متاثر ٿيندو آهي ۽ ٻار خراب ڪمن کان توبہ ڪري سٺي ٻار کان معافي گهريندو آهي ۽ ٻئي دوستَ ٿي ويندا آهن.

ڪافرَ مسلمانن تي گھڻا ئي ظلم ڪندا هئا پر مسلمان اسلام تي قائم رهيا. استاد سبق ۾ موجود صحابينﷺ جي واقعن کي سٺي طريقي سان بيان ڪري جيئن طالبن تي هن جو اثر ٿي. گڏوگڏ استاد صحابين ﷺ جي نالن جو صحيح تلفظ ادا ڪري جيئن طالبَ هن نالن کي صحيح ڳالهائي ۽ لِکي سگھن.

## خاڪو

راند جي وقفي ۾ پوري ڪلاس ٻاهر آهي، رُڳو هڪ ٻار اندر آهي. اهو ٻار ٻين ٻارن جي بستن مان پيسہ ڪيڍڻ چاهي ٿو پر هن کي خيال ايندو آهي تہ ڪلاس ۾ ٻيو تو ڪو ناهي پر الله تعاليٰ ڏِسي رهيو آهي. انهيءَ ڪري هو ٻار چوري ناهي ڪندو ۽ ثابت قدم رهندو آهي.

## گھر جو ڪم

ٻارَ ثابت قدمي جا ڪجھ مثال گهران لِکي اچن ۽ پوءِ ٻي ڏينهن استاد پنج، پنج ٻارن جون ٽوليون ناهي، هر ٽولي جو هڪ ليڊر ناهي جيڪو ٻارن کان اهي مثالَ پڇا ڪري پنهنجي ڪاپي ۾ نوٽ ڪري ۽ ٽوليءَ جو ليڊر اها فهرست پنهنجي استاد کي ڏئي. استاد ڪلاس جي ٻين ٻارن کي بہ اها فهرست ڪاپي ۾ نوٽ ڪرائي.

# ثابت قدمی

بچّوں کو بتایا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو دنیا میں ایک مقررہ وقت کے لیے بھیجا ہے۔ دنیا میں انسان جو بھی کام کر رہا ہے، اسے اللہ تعالیٰ کے پاس جا کر ان کاموں کا حساب دینا ہے۔ اچھے کام کرنے والے کی زندگی دنیا اور آخرت دونوں میں کامیاب اور برے کام کرنے والوں کی زندگی ناکام ہوتی ہے۔ لہٰذا بچّوں کو بتایا جائے کہ جو بھی نیک کام کریں ، اس پر ہمیشہ ثابت قدم رہیں اور کوئی اگر آپ کے ساتھ برا سلوک بھی کرے تو بھی اس کے ساتھ اچھا سلوک کیا جائے۔

## خاکہ

یہ تصور ایک کہانی کی صورت میں بھی سمجھایا جاسکتا ہے۔ مثلاً دو بچّے ہوں جن میں سے ایک بچّہ شریر ہو جو اچھے بچّے کی ہر ایک کے سامنے برائی کرتا ہے۔ ایک دن شریر بچّہ کمرۂ جماعت میں گر کر زخمی ہوجاتا ہے تو اچھا بچّہ سب سے پہلے اس کے پاس جا کر اس کے زخم صاف کرتا ہے۔ پھر اس کے زخم پر کپڑا باندھتا ہے اور پھر اسے تسلی دیتا ہے، آرام سے اسے ایک جگہ بٹھاتا ہے ، اس طرح شریر بچّہ اس کے حسنِ سلوک سے متاثر ہوتا ہے اور برے کاموں سے توبہ کر کے اچھے بچّے سے معافی مانگتا ہے اور دونوں دوست بن جاتے ہیں۔

کفار مسلمانوں پر بہت مظالم کرتے تھے لیکن مسلمان اسلام پر قائم رہے۔ استاد سبق میں موجود صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے واقعات کو اچھے انداز میں بیان کرے تاکہ طلبہ و طالبات پر اس کا اثر ہو۔ نیز استاد صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے ناموں کو صحیح تلفظ سے ادا کرے تاکہ طلبہ و طالبات ان ناموں کو صحیح بول اور لکھ سکیں۔

## خاکہ

کھیل کے وقفے کے دوران سارے بچّے جماعت سے باہر ہیں ، صرف ایک بچّہ اندر ہے۔ وہ بچّہ دوسرے بچّوں کے بستوں سے پیسے نکالنا چاہتا ہے لیکن اسے خیال آتا ہے کہ جماعت میں تو کوئی نہیں ہے لیکن اللہ تعالیٰ دیکھ رہے ہیں۔ اس لیے بچّہ چوری نہیں کرتا اور ثابت قدم رہتا ہے۔

## گھر کا کام

بچّے ثابت قدمی کی کچھ مثالیں گھر سے لکھ کر لائیں اور پھر دوسرے روز استاد پانچ ، پانچ بچّوں کے گروپ بنالیں ، ہر گروپ کا ایک لیڈر بنائیں جو بچّوں سے یہ مثالیں پوچھ کر اپنی کاپی میں نوٹ کرے اور گروپ لیڈر یہ فہرست اپنے استاد کو دے۔ استاد جماعت کے دوسرے بچّوں کو بھی یہ فہرست کاپی میں نوٹ کرائے۔

# حبشہ ڏانهن هجرت

مسلمانن مڪّي کان حبشہ ڏانهن انهيءَ ڪري هجرت ڪئي هُئي جو ڪافرَ کين اسلام تي عمل ڪرڻ کان منع ڪندا هئا ۽ هنن تي ظلم ۽ تشدد ڪندا هئا. حبشہ وڃي مسلمان اسلام تي عمل ڪرڻ لڳا. ٻارن کي هجرت جي اهميت ٻڌائجي. ٻارن جي ذهن ۾ اهو سوال ايندو آهي تہ اسان کيئن هجرت ڪيون؟ ٻارن کي ٻڌائجي تہ الله تعاليٰ جي خاطر ڪنهن بُرائي (جيئن ڪوڙ ڳالهائڻ، ٻين جي گِلا ڪرڻ، پاڻ ۾ ويڙهہ جهيڙهہ ڪرڻ ۽ چوري ڪرڻ) ڇڏي ڏيڻ بہ هجرت ڪرڻ جو ئي هڪ قسم آهي. حبشہ جي ماڻهن مسلمانن سان نيڪ سلوڪ ڪيو هو. انهيءَ ڪري جيڪڏهن اسان جي ملڪ ۾ بہ مسلمان ملڪن کان ماڻهو هجرت ڪري اچن، جتي ظلم ٿي رهيو آهي اُتي اهڙي مهاجرن جي مدد ڪرڻ گهرجي.

ٻارن کي ٻڌائجي تہ مڪّي جي مسلمانن اسلام تي عمل ڪرڻ جي لاءِ هجرت ڪئي هُئي. هن وقت اسان هڪ آزاد اسلامي ملڪ ۾ رهيل آهيون. جتي اسان اسلامي تعليمن تي آزاديءَ سان عمل ڪري سگهون ٿا. نجاشي جي دربار ۾ حضرت جعفر رضي الله عنہ نجاشيءَ کان نہ ڊڄيو ۽ سچ سچ ڳالهہ ڪئي. انهيءَ ڪري ٻارن کي ٻڌائجي تہ انسانن بجاءِ رڳو الله تعاليٰ کان ڊڄڻ گهرجي. ڪو بُرو ڪم ڪندي اهو نہ سوچجي تہ استاد، ماءُ يا پيءُ کان دڙڪا پوندا، پر اهو سوچجي تہ الله تعاليٰ ناراض ٿي ويندو ۽ جڏهن آخرت ۾ سڀ انسان الله تعاليٰ جي سامهون حاضر ٿيندا تہ الله تعاليٰ اهڙي ماڻهن سان ڳالهائيندو بہ نہ. استاد ٻارن کي نجاشي ۽ حبشہ بابت وڌيڪ معلومات ڏي ۽ مسلمانن سان نجاشي جي سُٺي سلوڪ کي سهڻي طريقي سان بيان ڪري ۽ ٻڌائي تہ هُن وقت جو حبشہ اڄ ڪلهہ ايٿيوپيا، جبوتي ۽ صوماليہ جو علائقو آهي.

## عملي ڪم

ٻارن کي ڪجهہ برائين جيئن ڪوڙ، جهيڙو ڪرڻ، چوري ڪرڻ، استاد جي عزت نہ ڪرڻ ۽ نقل ڪرڻ وغيره جي نقصانن بابت ڪلاس ۾ واري واري سان پنج منٽَ ڳالهائڻ جي لاءِ چئجي. باقي ٻارن کي چئو تہ اهي تقريرن جون اهم ڳالهيون پاڻ وٽ نوٽ ڪن.

# عامُ الحُزن

حضرت حمزه رضي الله عنہ کي پنهنجي ڀائٽي (حضور ﷺ) سان گهڻي محبت هئي. انهيءَ ڪري هو پاڻ جي خلاف ابوجهل جي اها ڳالهہ برداشت نہ ڪري سگهيو جيڪا سبق ۾ لِکيل آهي ۽ پاڻ ﷺ جي نبوت تي ايمان آندو. ٻارن کي ٻڌائجي تہ پاڻ ﷺ سان محبت جو تقاضو آهي تہ پاڻ ﷺ جي سنّت تي عمل ڪجي. جيئن حضور ﷺ سدائين سچ ڳالهائيندا، وڏن جي عزت ڪندا ۽ ٻين جي مدد ڪندا هئا. پاڻ ﷺ ايمان دار ۽ محنتي هئا. پاڻ ﷺ جي سيرت جي اهڙا پاسا ٻارن کي ٻڌائجن جنهن تي اهي عمل ڪري سگهن.

# ہجرتِ حبشہ

مسلمانوں نے مکّہ سے حبشہ کی جانب اس لیے ہجرت کی تھی کہ کفار انھیں اسلام پر عمل کرنے سے منع کرتے اور ان پر ظلم و تشدد کرتے تھے۔ حبشہ جا کر مسلمان اسلام پر عمل کرنے لگے۔ بچّوں کو ہجرت کی اہمیت بتائی جائے۔ بچّوں کے ذہن میں یہ سوال اٹھتا ہے کہ ہم کیسے ہجرت کریں۔ بچّوں کو بتایا جائے کہ اللہ تعالیٰ کی خاطر کوئی برائی (مثلاً جھوٹ بولنا، دوسروں کی برائیاں کرنا، آپس میں لڑنا جھگڑنا اور چوری کرنا) چھوڑ دینا بھی ہجرت کرنے کی ایک قسم ہے۔ حبشہ کے لوگوں نے مسلمانوں کے ساتھ نیک سلوک کیا تھا۔ اس لیے اگر ہمارے ملک میں بھی مسلمان ممالک کے لوگ ہجرت کر کے آئیں، جہاں اس وقت ظلم ہو رہا ہے تو ایسے مہاجروں کی مدد کرنی چاہیے۔

بچّوں کو بتایا جائے کہ مکّہ کے مسلمانوں نے اسلام پر عمل کرنے کے لیے ہجرت کی تھی۔ اس وقت ہم ایک آزاد اسلامی ملک میں رہ رہے ہیں۔ جہاں ہم اسلامی تعلیمات پر آزادی کے ساتھ عمل کر سکتے ہیں۔ نجاشی کے دربار میں حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے نجاشی سے ڈرے بغیر سچ سچ بات کہی تھی۔ اس لیے بچّوں کو بتایا جائے کہ انسانوں کے بجائے صرف اللہ تعالیٰ سے ڈرنا چاہیے۔ کوئی برا کام کرتے وقت یہ نہ سوچا جائے کہ استاد، امی یا ابو سے ڈانٹ پڑے گی بلکہ یہ سوچا جائے کہ اللہ تعالیٰ ناراض ہو جائیں گے اور جب آخرت میں تمام انسان اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش ہوں گے تو اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں سے بات بھی نہیں کریں گے۔

استاد بچّوں کو نجاشی اور حبشہ کے متعلق مزید معلومات فراہم کرے اور مسلمانوں کے ساتھ نجاشی کے حسنِ سلوک کی اچھے انداز میں تعریف کرے اور بتائے کہ اس وقت کا حبشہ آج کل ایتھوپیا، جبوتی اور صومالیہ کا علاقہ ہے۔

## عملی کام

بچّوں کو کچھ برائیوں مثلاً جھوٹ، جھگڑا کرنا، چوری کرنا، استاد کی عزت نہ کرنا اور نقل کرنا وغیرہ کے نقصانات کے بارے میں جماعت میں باری باری پانچ منٹ بولنے کو کہا جائے۔ باقی بچّوں سے کہیں کہ وہ ان تقاریر کی اہم باتیں اپنے پاس نوٹ کریں۔

# عامُ الحزن

حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو اپنے بھتیجے (آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) سے بہت محبت تھی۔ اسی لیے وہ ان کے خلاف ابوجہل کی وہ بات برداشت نہیں کر سکے جو سبق میں درج ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی نبوت پر ایمان لے آئے۔ بچّوں کو بتایا جائے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے محبت کا عملی تقاضا یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی سنت پر عمل کیا جائے۔ مثلاً آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہمیشہ سچ بولتے، بڑوں کی عزت کرتے اور دوسروں کی مدد کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ایمان دار اور محنتی تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی سیرت کے ایسے پہلو بچّوں کو بتائے جائیں جن پر وہ عمل کر سکیں۔

نبي اڪرم ﷺ ۽ پاڻ ﷺ جي ساٿين شعبِ ابي طالب جي گهاٽيءَ ۾ ڪيترائي ڏينهن فاقا ڪيا ۽ وڻن جا پتا ۽ چمڙا جا ٽڪرا بہ کاڌا. ٻارن کي بُکايل ڏسي پاڻ ﷺ کي ڏاڍو ڏک ٿيندو هو. اهڙو مشڪل وقت بہ اچي تہ رڳو حلال شيون ئي کائڻ گهرجن پليٖ ٿوريون ئي ڇو نہ هجن. عام حالتن ۾ بہ رُڳو حلال شيون کائڻ گهرجن ۽ هر حال ۾ الله تعاليٰ جو شُڪر ادا ڪجي. ٻين جو حق نہ مارڻ گهرجي. لکن وارو بورڊ تي حلال ۽ حرام شيئن جي فهرست ٺاهيو. هن جي لاءِ استاد جو مطالعو وسيع هجڻ گهرجي. حضرت عمر رضي الله عنه جي اسلام قبول ڪرڻ کان پوءِ نماز کلم کُلا ادا ٿيڻ لڳي. ٻارن کي نماز جي فرضيت جي اهميت بابت ٻڌايو تي فرض نماز هر جاءِ تي ادا ڪجي. جڏهن نماز جو وقت ٿي وڃي تہ نماز جي لاءِ جاءِ جي ڳولا ڪجي، امتحانن جي ڏينهنن ۾ بہ نماز نہ ڇڏڻ گهرجي. پنهنجي سبق پڙهڻ کان پهريان مشق سان گڏ ڪجهہ ننڍا سوالَ تيار ڪيو ۽ سبق پڙهائڻ کان پوءِ اهي سوالَ طالبن کان پُڇا ڪيو.

## گهر جو ڪم

گهاٽي جي فرضي تصوير ٻارن کان ڪاپيءَ ۾ ٺهرائي رنگ ڀرڻ جي لاءِ چئجي.

# طائف جو سفر

قريش جي سخت مخالفت جي ڪري حضور اڪرم ﷺ مڪّي کان ٻاهر وڃي الله تعاليٰ جو پيغام پهچائڻ جو فيصلو ڪيو. پاڻ ﷺ طائف جي واديءَ ۾ بہ ويا. طائف ۾ وڏا وڏا امير ۽ اثر رسوخ رکڻ وارا ماڻهو رهندا هئا. طائف ۾ نبي اڪرم ﷺ هن ماڻهن وٽ وڃي کين اسلام جي دعوت ڏني. پر هن سردارن پاڻ ﷺ جي دعوت ۽ پيغام ٻُڌڻ کان انڪار ڪري ڇڏيو. هڪ سردار چيو ”ڇا خدا کي تنهنجي سواءِ ڪو نہ مليو جنهن کي اهو پنهنجي رسول ٺاهي؟“ ٻي چيو تہ ”مان تہ تون سان ڳالهائيندس ئي نہ، جيڪڏهن تو سچو آهين تہ تون سان ڳالهائڻ ادب جي خلاف آهي ۽ جيڪڏهن ڪُوڙو آهين (نعوذ بالله) تون مُنهن لڳائڻ جي قابل ناهين.“ هنن سردارن اسلام جي دعوت نہ رُڳو ٻڌڻ ۽ مڃڻ کان انڪار ڪيو پر شهر جي غنڊن کي پاڻ ﷺ جي پُٺيان لڳائي ڇڏيو جنهن پاڻ ﷺ جو ڪُلئي عام مذاق اڏاريو ۽ پٿر هنيا، جنهن کان پاڻ ﷺ سخت زخمي ٿي ويا. پر پوءِ بہ اهي ظالمَ پٿر هڻندا رهيا. نيٺ پاڻ ﷺ هڪ باغ ۾ وڃي پناهہ ورتي. ڪنهن مخالف شهر ۾ اڪيلي تبليغ جو فرض ادا ڪرڻ ۽ جان خطري ۾ وجهي الله جي ٻانهن تائين الله تعاليٰ جو پيغام پهچائڻ ڪنهن درجي جي همتَ ۽ بهادريءَ جو ڪم آهي هن جو اندازو لڳائڻ مشڪل ناهي. اهو الله تعاليٰ تي ڪامل ايمان، توڪّل ۽ آخرت ۾ جوابداري جي احساس جو هڪ اعليٰ ترين مثال آهي. طائف وارن جي هن سلوڪ کي ڏسندي حضرت جبرائيل عليه السلام پاڻ ﷺ کي فرمايو تہ جيڪڏهن توهان حڪم ڏيو تہ مان طائف جي جبلن جي وِچ ۾ موجود هن واديءَ کي ختم ڪري ڇڏيان. پر پاڻ ﷺ فرمايو نہ! شايد هنن جي نسلن مان ڪو ايمان آڻي.

آپ ﷺ اور آپ ﷺ کے ساتھیوں نے شعب ابی طالب کی گھاٹی میں کئی دن فاقے کیے اور درختوں کے پتّے اور چمڑا بھی کھایا۔ بچّوں کو بتایا جائے کہ اگر کبھی مشکل وقت بھی آ جائے تو صرف حلال چیزیں ہی کھانی چاہئیں خواہ تھوڑی ہی کیوں نہ ہوں۔ عام حالات میں بھی صرف حلال اشیا کھانی چاہئیں اور ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ دوسروں کا حق نہیں مارنا چاہیے۔تختۂ تحریر پر حلال اور حرام چیزوں کی فہرست بنائیں۔ اس کے لیے استاد کا مطالعہ وسیع ہونا چاہیے۔
حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کے بعد نمازیں کھلم کھلا ادا کی جانے لگی تھیں۔ بچّوں کو نماز کی فرضیت کی اہمیت کے بارے میں بتایا جائے کہ فرض نمازیں ہر جگہ ادا کی جائیں۔ اگر بازار میں نماز کا وقت ہوجائے تو نماز کے لیے جگہ تلاش کی جائے ، امتحان کے دنوں میں بھی نمازیں نہ چھوڑی جائیں۔ اپنا سبق پڑھانے سے پہلے مشق کے علاوہ کچھ مختصر سوالات تیار کریں اور سبق پڑھوانے کے بعد وہ سوالات طلبہ و طالبات سے پوچھے جائیں۔

## گھر کا کام

گھاٹی کی فرضی تصویر بچّوں سے کاپی میں بنوا کر رنگ بھرنے کے لیے کہا جائے۔

# طائف کا سفر

قریش کی شدید مخالفت کی وجہ سے داعیٔ اسلام حضرت محمد ﷺ نے مکّہ سے باہر جا کر اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچانے کا فیصلہ کیا۔ آپ ﷺ طائف کی وادی میں بھی تشریف لے گئے۔ طائف میں بڑے بڑے امرا اور بااثر لوگ رہتے تھے۔ طائف میں حضرت محمد ﷺ نے ان لوگوں کے پاس جا کر انھیں اسلام کی دعوت دی۔لیکن وہاں کے دولت مند سرداروں نے آپ ﷺ کی دعوت اور پیغام سننے سے انکار کردیا۔ ایک سردار نے کہا ”کیا خدا کو تیرے سوا کوئی نہیں ملا جسے وہ اپنا رسول بناتا؟“ دوسرے نے کہا ”میں تو تجھ سے بات نہیں کرسکتا اگر تو سچا ہے تو تجھ سے بات کرنا خلافِ ادب ہے اور اگر جھوٹا ہے (نعوذ باللہ) تو ، تو منہ لگانے کے قابل نہیں ہے۔“ غرض ان سرداروں نے اسلام کی دعوت کو نہ صرف سننے اور ماننے سے انکارکیا ، بلکہ شہر کے غنڈوں کو آپ ﷺ کے پیچھے لگادیا ، جنھوں نے سرِ بازار آپ ﷺ کا مذاق اڑایا اور پتھر مارے جس کے نتیجے میں آپ ﷺ شدید زخمی ہوگئے۔لیکن پھر بھی ظالم لوگ پتھر مارتے رہے۔ بالآخر آپ ﷺ نے ایک باغ میں جا کر پناہ لی۔کسی مخالف شہر میں اس طرح تنہا جا کر تبلیغ کا فرض ادا کرنا اور جان جوکھوں میں ڈال کر اللہ کے بندوں تک اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچانا کس درجہ ہمت اور جرأت کا کام ہے اس کا اندازہ لگانا مشکل نہیں ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ پر کامل ایمان ، انتہائی توکل اور آخرت میں جواب دہی کے احساس کی ایک اعلیٰ ترین مثال ہے۔ طائف والوں کے اس سلوک کو دیکھتے ہوئے حضرت جبرائیل علیہ السلام نے آپ ﷺ سے فرمایا کہ اگر آپ ﷺ حکم کریں تو میں طائف کے پہاڑوں کے درمیان موجود اس وادی کو ختم کردوں ، لیکن آپ ﷺ نے فرمایا کہ نہیں! شاید ان کی نسلوں میں سے کوئی ایمان لے آئے۔

استاد سبق ”طائف جو سفر “ پڙهائيندي ٻارن ۾ سُٺي سوچ کي واڌارو ڏيڻ جي ڪوشش ڪن. جيئن:

1. جنهن طريقي سان پاڻ ﷺ ٻي شهر ۾ اسلام ڦهلائڻ جي لاءِ نِڪتا هئا انهيءَ طريقي سان ٻارن کي ٻڌائجي تہ اُهي اسلام جي جنهن اصول تي پاڻ عمل ڪندا آهن اهو پنهنجي دوستن ۽ پيڻ ڀائرن کي بہ ٻڌائن ۽ هنن کي بہ هن تي عمل ڪرڻ جي لاءِ چون.
2. طائف جو سفر پاڻ ﷺ جي صبر، الله تعاليٰ تي آسري ۽ ڪامل ايمان جو بهترين مثال آهي. ٻارن کي ٻڌائجي تہ اهي بہ مشڪل ڪم ۾ گهبرائڻ بجاءِ محنت سان ڪم ڪن. ڪڏهن ڪڏهن ڪنهن سبق جو ڪو حصو ٻارن کي سمجه ۾ نہ ايندو آهي تہ اهي همٿ ڇڏي ويهي رهندا آهن. استادن کي گهرجي تہ اهي اهڙي طالبن کي هر هر سمجهائن. پڙهائڻ جو اهڙو طريقو اختيار ڪن جو ٻارَ سبق ۾ ڏنل هر ڳالهہ آساني سان سمجهي سگهن.
3. پاڻ ﷺ طائف جي ماڻهن جي ورتاءُ خراب هوندي بہ ڪين پِٽَ نہ ڏني. استاد ٻارن کي ٻڌائن تہ جيڪڏهن اسان سان ڪو بُرو سلوڪ ڪري تہ هن سان بُرو سلوڪ ڪرڻ بجاءِ سٺو سلوڪ ڪجي. استاد لکن وارو بورڊ تي سٺي سلوڪ جي هڪ فهرست لکي ۽ ٻارن کي چئي تہ اها فهرست پنهنجي ڪاپين ۾ نقل ڪن. سٺي سلوڪ جا ڪجهہ مثالَ اهي آهن:

(i) جيڪڏهن ڪنهن کي سبق سمجه ۾ نہ ايندو هجي تہ سمجهائڻ.
(ii) ضرورت پئي تہ پنسل، ربڙ يا شارپنر وغيره پنهنجي دوستن کي ڏيڻ.
(iii) گهر جو ڪم ڪرڻ ۾ مدد ڪرڻ.

طائف جي سفر دوران پاڻ ﷺ جيڪو ڪجهہ ڪيو هن بابت هڪ پيراگراف طالبن کان لِکرائڻ.

## گهر جو ڪم

استاد ٻارن کي چئي تہ ڪجهہ سُٺي ڪمن جي فهرست پاڻ گهران تيار ڪري اچن.

# معراج النبي ﷺ

معراج جو واقعو اسلامي تاريخ جو هڪ اهم واقعو آهي. الله تعاليٰ معراج جي سفر ۾ حضور ﷺ کي جيڪي حڪمَ ڏنا هئا، هنن جي اهميت واضح ڪجي ۽ ٻارن کي هنن تي عمل ڪرڻ جي لاءِ تيار ڪجي.

نماز معراج جو تحفو آهي. ٻارن کي ٻڌائجي تہ الله تعاليٰ پهريان پنجاهہ نمازون فرض ڪيون هيون، جنهن جي تعداد گهٽ ڪري رڳو پنج ڪيون ويون. انهيءَ ڪري نماز جي پابندي ڪيو. هن جي علاوه شرڪ، فضول خرچي ۽ ڪنجوسي جا نقصان ٻڌايو.

اساتذہ، سبق ''طائف کا سفر'' پڑھاتے وقت بچّوں میں اچھی سوچ پروان چڑھانے کی کوشش کریں۔ مثلاً:

۱۔ جس طرح آپ ﷺ دوسرے شہر میں اسلام پھیلانے کے لیے نکل پڑے تھے اسی طرح بچّوں کو بتایا جائے کہ وہ اسلام کے جس اصول پر خود عمل کریں وہ اپنے دوستوں اور بہن بھائیوں کو بھی بتائیں اور انھیں بھی اس پر عمل کرنے کے لیے کہیں۔

۲۔ طائف کا سفر آپ ﷺ کے صبر، اللہ تعالیٰ پر بھروسے اور ایمانِ کامل کی بہترین مثال ہے۔ بچّوں کو بتایا جائے کہ وہ بھی مشکل کام میں گھبرانے کے بجائے محنت سے کام کریں۔ بعض اوقات کسی سبق کا کوئی حصّہ بچّے کی سمجھ میں نہیں آتا تو وہ دل برداشتہ ہوکر بیٹھ جاتا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ ایسے طلبہ و طالبات کو وہ چیز بار بار سمجھائیں۔ تدریس میں ایسا انداز اختیار کریں کہ بچّے سبق میں دی گئی ہر بات آسانی سے سمجھ سکیں۔

۳۔ آپ ﷺ نے طائف کے لوگوں کے برے سلوک کے باوجود کسی کو بددعا نہیں دی۔ اساتذہ بچّوں کو بتائیں کہ اگر ہمارے ساتھ کوئی برا سلوک کرے تو اس کے ساتھ برا سلوک کرنے کے بجائے اچھا سلوک کیا جائے۔ اساتذہ تختۂ تحریر پر اچھے سلوک کی ایک فہرست لکھیں اور بچّوں سے کہیں کہ وہ یہ فہرست اپنی کاپیوں میں نقل کریں۔ اچھے سلوک کی چند مثالیں یہ ہیں:

(i) اگر کسی ہم جماعت کو سبق سمجھ میں نہ آرہا ہو تو سمجھا دینا۔

(ii) ضرورت پڑنے پر پنسل، ربر یا شارپنر وغیرہ اپنے دوستوں کو دینا۔

(iii) گھر کا کام کرنے میں مدد کرنا۔

طائف کے سفر کے دوران آپ ﷺ نے جو کچھ کیا اس کے بارے میں ایک پیراگراف طلبہ و طالبات سے لکھوایا جائے۔

## گھر کا کام

اساتذہ بچّوں سے کہیں کہ کچھ اچھے کاموں کی فہرست خود گھر سے تیار کر کے لائیں۔

# معراج النبی ﷺ

واقعۂ معراج اسلامی تاریخ کا ایک اہم واقعہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے سفرِ معراج میں آپ ﷺ کو جو احکامات دیے تھے، ان کی اہمیت اجاگر کی جائے اور بچّوں کو ان پر عمل کرنے پر آمادہ کیا جائے۔

نماز معراج کا تحفہ ہے۔ بچّوں کو بتایا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے پہلے پچاس نمازیں فرض کی تھیں، جن کی تعداد کم کرکے صرف پانچ کردی گئی۔ لہٰذا نمازوں کی پابندی کی جائے۔ اس کے علاوہ شرک، فضول خرچی اور کنجوسی کے نقصانات بتائے جائیں۔

جيڪڏهن هڪ ڀار سبق سمجهي وڃي تہ هو ٻين ٻارن کي بہ سمجهائي. پنهنجو علم ٻين کي نہ ڏيڻ بہ ڪنجوسي آهي. ضرورت جي شئي گهرڻ تي نہ ڏيڻ بہ ڪنجوسي آهي.
پاڻ ﷺ الله تعاليٰ جا پسنديده ٻانها ۽ رسول آهن. الله تعاليٰ پاڻ ﷺ کي اُچائي جي هن مقام تائين وٺي ويو جتي حضرت جبرائيل عَلَيْهِ السَّلَام بہ نٿو وڃي سگهي. ٻارن کي ٻڌائجي تہ پنهنجي اندر اهڙيون صفتون پيدا ڪيو تہ الله تعاليٰ کي وڻندڙ ٻانها ٻڻجي سگهو.

## ڪلاس جو ڪم

معراج النبي ﷺ جي واقعي تي ٻارن کان پيراگراف لکرايو.

# مديني ڏانهن هجرت

مديني جي اسلامي رياست مسلمانن جي مڪّي کان مديني هجرت ڪرڻ بعد قائم ٿي. استادن کي گهرجي تہ ٻارن کي هجرت بابت ٻڌائڻ کان پهريان پاڻ اسلامي تاريخ بابت پڙهي. سبق پڙهائڻ کان پوءِ سوال ڪرڻ جي اجازت ڏي ۽ هنن جي سوالن جا تفصيل سان جواب ڏي.
پاڻ ﷺ ۽ مسلمانن مڪّي کان مديني ڏانهن هجرت انهيءَ ڪري ڪئي هئي جو مڪّي ۾ اهي اسلام تي عمل نہ پيا ڪري سگهن. پر اسان اسلامي معاشري ۾ رهي رهيا آهيون. ڇا هتي اسان اسلام مطابق زندگي گذاري رهيا آهيون؟ اسلام مطابق زندگي گذارڻ جي لاءِ ٻارن کي صبح اُٿڻ، کائڻ پيئڻ، رات جو سُمهڻ جي ۽ اهڙيون ئي ننڍيون ننڍيون دعائون ياد ڪرائجن.
مديني ۾ سڀ گڏجي رهندا هئا. هنن ۾ ڪو تعصب نہ هو انهيءَ ڪري اسان کي بہ رڳو مسلمان ۽ پاڪستاني ٿي رهڻ گهرجي. ٻارن کي امانت جو مطلب سمجهايو. امانت رڳو پيسہ رکڻ جو نالو ناهي پر ڪنهن راز جي حفاظت ڪرڻ بہ امانت آهي. جيڪڏهن ڪو ٻار پنهنجي ڪا شئي ڪنهن دوست وٽ رکرائي ٿو تہ اها سندس امانت هوندي آهي جنهن کي استعمال ڪرڻ بجاءِ انهيءَ طرح ئي حفاظت سان واپس ڪرڻ گهرجي.
زندگي بہ الله تعاليٰ جي امانت آهي. جنهن کي الله تعاليٰ جي حڪمن مطابق گذارڻ گهرجي. مديني جي صدين تي ڦهليل زندگي ۾ تبديلي بابت طالبن کي ٻُڌايو.

اگر ایک بچّے کو سبق سمجھ آ جائے تو اسے چاہیے کہ وہ دوسرے بچّوں کو بھی سمجھائے۔ اپنا علم دوسروں تک منتقل نہ کرنا بھی کنجوسی ہے۔ ضرورت کی چیز مانگنے پر نہ دینا بھی کنجوسی ہے۔
آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ بندے اور رسول ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کو بلندی کے اس مقام تک لے گیا جہاں حضرت جبرائیل علیہ السلام بھی نہیں جاسکتے تھے۔ بچّوں کو بتایا جائے کہ اپنے اندر ایسی صفات پیدا کریں کہ اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ بندے بن سکیں۔

## جماعت کا کام

معراج النبی ﷺ کے واقعے پر بچّوں سے پیرا گراف تحریر کرایا جائے۔

# ہجرتِ مدینہ

مدینے کی اسلامی ریاست مسلمانوں کے مکّہ سے مدینہ ہجرت کرنے کے بعد قائم ہوئی۔ اساتذہ کو چاہیے کہ بچّوں کو ہجرت کے بارے میں بتانے سے پہلے خود اسلامی تاریخ کا مطالعہ کریں۔
سبق پڑھانے کے بعد بچّوں کو سوال کرنے کی اجازت دیں اور ان کے سوالوں کے مفصل جواب دیں۔
آپ ﷺ اور مسلمانوں نے مکّہ سے مدینے ہجرت اس لیے کی تھی کہ مکّہ میں وہ اسلام پر عمل نہیں کرسکتے تھے۔ لیکن ہم ایک اسلامی معاشرے میں رہ رہے ہیں۔ کیا یہاں ہم اسلام کے مطابق زندگی گزار رہے ہیں؟ اسلام کے مطابق زندگی گزارنے کے لیے بچّوں کو صبح اٹھنے، کھانا کھانے، رات کو سونے کی اور ایسی ہی اور چھوٹی چھوٹی دعائیں یاد کرائی جائیں۔
مدینے میں سب لوگ مل جل کر رہتے تھے ان میں کوئی تعصب نہیں تھا اس لیے ہمیں بھی صرف مسلمان اور پاکستانی بن کر رہنا چاہیے۔ بچّوں کو امانت کا مفہوم سمجھایا جائے۔ امانت صرف پیسے رکھنے کا نام نہیں بلکہ کسی کے راز کی حفاظت کرنا بھی امانت ہے۔ اگر کوئی بچّہ اپنی کوئی چیز کسی دوست کے پاس رکھواتا ہے تو وہ اس کی امانت ہوتی ہے جسے استعمال کرنے کی بجائے اسی طرح بحفاظت واپس کردینا چاہیے۔
زندگی بھی اللہ تعالیٰ کی امانت ہے۔ جسے اللہ تعالیٰ کے احکامات کے مطابق گزارنا چاہیے۔ مدینے کی صدیوں پر محیط زندگی میں تبدیلی کے بارے میں طلبہ و طالبات کو بتایا جائے۔

باب چوٿون: **اخلاق ۽ ادبَ**

# ايمان داري

استاد جو فرض آهي تہ ھو پنھنجي شاگردن کي ايمان دار بڻائڻ جي لاءِ جيستائين ٿي سگھي ڪوشش ڪري ۽ روزاني زندگي جي ننڍي ننڍي مثالن سان ايمان داري جو مطلب سمجھائي. جيئن:

- جيڪڏھن ٻار دڪان ڪان ڪو سيڏو سامان وٺڻ وڃي ۽ دڪاندار غلطيءَ سان وڌيڪ پيسہ موٽائي ڏي تہ دڪاندار کي اھي وڌيڪ پيسہ واپس ڪجن.
- جيڪڏھن ڪنھن دوست جي ڪا شئي غلطي سان ڪنھن ٻار وٽ رھجي وڃي تہ اھا شئي واپس موٽائجي.
- اسڪول وقت تي اچو ۽ دل سان پڙھو.
- ھر نيڪ ڪم الله تعاليٰ کي خوش ڪرڻ جي لاءِ ڪيو.
- جيڪڏنھن رستي تي ڪِريل ڪا شئي يا پيسہ ملن تہ اھي نہ کڻو. ٿي سگھي ٿو تہ ھن جو مالڪ ڳولھيندي ھن جاءِ تي پھچي ۽ جيڪڏھن کڻي ڇڏيو تہ پوءِ ھن جو اعلان ڪرايو.
- نماز پڙھڻ ۾ ايمانداري اھا آھي تہ نمازون وقت تي ادا ڪجن. جيڪو ڪجھ نماز ۾ پڙھي رھيا آھيو ھن جي ترجمي تي غور ڪيو.

سبق پورو ڪرڻ کان پوءِ ٻارن کان پُڇيو تہ ھنن سبقَ کان ڇا سِکيو؟

## گھر جو ڪم

طالبن کي چئو تہ اھي گتّي تي ھڪ چارٽ ٺاھي ھن تي ايمان داريءَ جا مثالَ لکن ۽ ھن ۾ رنگ ڀري پنھنجي ڪمري ۾ لڳائن.

# خلق جي خدمتَ

خلق جي خدمت وڏي عبادت آھي. اسلام ھڪ ٻئي جي ڪم اچڻ تي گھڻو زور ڏنو آھي. ھن سان پاڻ ۾ لاڳاپا سُٺا ٿيندا آھن. ھڪ ٻئي جي لاءِ ھمدردي جا جذبا پيدا ٿيندا آھن. ٻارن کي سبق ۾ ڏِنل ڪجھ مثالن سان گڏوگڏ خلق جي خدمت جا عملي نُڪتا سمجھايا وڃن. کين اھو ضرور ٻڌائجي تہ الله تعاليٰ آخرت ۾ خلق جي خدمت ڪرڻ وارن کي تمام سٺو صِلو ڏيندو. ڪجھ نڪتا ھيٺ ڏنل آھن:

- جيڪڏنھن ڪنھن قدرتي آفت کان نقصان ٿي تہ ٻارن کان بہ امدادي ڪم وٺي سگھجن ٿا.
- جيڪي ٻار قرآن شريف پڙھڻ ڄاڻيندا ھجن، اھي ٻين ٻارن کي قرآن شريف سِکائن.

# باب چہارم :          اخلاق و آداب

## ایمان داری

استاد کا فرض ہے کہ وہ اپنے شاگردوں کو ایمان دار بنانے کی ہر ممکن کوشش کرے اور روز مرہ زندگی کی چھوٹی چھوٹی مثالوں سے ایمان داری کا مطلب سمجھائے۔ مثلاً:

☆ اگر بچّے دکان سے کوئی سودا لینے جائیں اور دکان دار غلطی سے زیادہ پیسے دے دے تو دکان دار کو زائد پیسے واپس کر دیے جائیں۔

☆ اگر کسی دوست کی کوئی چیز غلطی سے کسی بچّے کے پاس رہ جائے تو وہ چیز واپس لوٹا دی جائے۔

☆ اسکول وقت پر آئیں اور دل لگا کر پڑھیں۔

☆ ہر نیک کام اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے کریں۔

☆ اگر راستے میں کوئی چیز یا پیسہ گرا ہوا ملے تو وہ نہ اٹھائیں ہوسکتا ہے کہ اس کا مالک تلاش کرتا ہوا اسی جگہ پہنچ جائے اور اگر اٹھالیں تو پھر اس کا مناسب اعلان کروایا جائے۔

☆ نماز پڑھنے میں ایمان داری یہ ہے کہ نمازوں کو وقت پر ادا کریں۔ جو کچھ نماز میں پڑھ رہے ہیں اس کے ترجمے پر غور کریں۔

سبق مکمل کرنے کے بعد بچّوں سے پوچھیں کہ انھوں نے اس سبق سے کیا کیا سیکھا؟

### گھر کا کام

طلبہ و طالبات سے کہیں کہ وہ گتے پر ایک چارٹ بنا کر اس میں ایمان داری کی مثالیں لکھیں اور ان میں رنگ بھر کر اپنے کمرے میں لگائیں۔

## خدمتِ خلق

خدمتِ خلق بہت بڑی عبادت ہے۔ اسلام نے ایک دوسرے کے کام آنے پر بہت زور دیا ہے۔ اس سے آپس کے تعلقات اچھے ہوتے ہیں۔ ایک دوسرے کے لیے ہمدردی کے جذبات پیدا ہوتے ہیں۔ بچّوں کو سبق میں دی گئی چند مثالوں کے علاوہ خدمتِ خلق کے عملی نکات سمجھائے جائیں۔ انھیں یہ ضرور بتایا جائے کہ اللہ تعالیٰ آخرت میں خدمتِ خلق کا بہت اچھا صلہ دے گا۔ چند نکات درج ذیل ہیں۔

☆ اگر کسی قدرتی آفت سے نقصان ہو تو بچّوں سے بھی مناسب امدادی کام لیے جاسکتے ہیں۔

☆ جو بچّے قرآن پڑھنا جانتے ہیں وہ دوسرے بچّوں کو قرآن پاک سکھائیں۔

- تعليم حاصل ڪرڻ جي لاءِ اسڪول وڃڻ وارو ٻار پنهنجي پاڙي ۾ ڪنهن غريب ٻار جي پڙهائيءَ ۾ مدد ڪري سگهي ٿو.
- ڪنهن بُکي کي ماني کارائڻ خلق جي خدمت ۾ شامل آهي.
- بزرگن جي خدمت ڪرڻ سِکائجي.
- معذور ۽ لاچار ماڻهن جو مذاق نہ اُڏارجي پر جيڪڏهن ضرورت پئي تہ سڙڪ پار ڪرڻ ۾ ۽ ٻين ڪمن ۾ هنن جي مدد ڪجي.

## عملي ڪم

ٻارن کان پاڻدارو ٺاهرائجي ۽ کين چئجي تہ اهي هر روز ڪجهہ پيسہ هن ۾ ضرور جمع ڪن. هر ٽن مهينن کان پوءِ پيسہ ڳڻجن ۽ ٻارن کي چئجي تہ اهي هن رقم کان پنهنجي ڪنهن غريب دوست جي فيس ڏين يا هن کي ڪتابون ڪاپيون ڏين. هن سلسلي ۾ استاد جو ڪم رهنمائي ڪرڻ آهي. انهيءَ طريقي سان ٻارن ۾ خلق جي خدمت سان گڏ بچت جي عادت بہ پيدا ٿيندي.

## گهر جو ڪم

ٻارَ خلق جي خدمت جي ڪمن جي فهرست ٺاهي اچن. پنج، پنج ٻارن جي ٽوليون ٺاهيو ۽ هنن کان واري واري سان پُڇا ڪيو تہ اهي خلق جي خدمت ڪيئن ڪري سگهن ٿا؟

# سادگي

طالبن کي نبي اڪرم ﷺ ۽ صحابين رضي الله عنهم جي حياتيءَ کان سادگي جا مثالَ ڏيڻ سان گڏوگڏ استاد پاڻ بہ پنهنجي لباس ۽ مزاج سان ٻارن کي سادگي جو نمونو پيش ڪري. ٻارن کي ٻڌائجي تہ اهي دنيا جي اعتبار سان پاڻ کان هيٺ وارن ۽ دين جي لحاظ کان پاڻ کان مٿي وارن کي ڏسن. جيئن هنن ۾ شڪر گزاري ۽ عبادت گزاري جا جذبا پيدا ٿين. اڄ ڪلهہ هر قسم جي ضرورت جون شيون ۾ قيمتي شيون بہ شامل آهن. ساديون ۽ قيمتي شيون هڪڙو ئي ڪم ڪنديون آهن. پر قيمتي شيون وڏيڪ سهڻيون ۽ مهانگيون هونديون آهن انهيءَ ڪري ٻارن ۾ سادگي کي وڌائجي ۽ ٻارن کي چئجي تہ سستي شيون وٺڻ سان جيڪي پيسہ بچن، هنن سان پنهنجي ڪلاس جي ڪنهن مستحق ٻار جي لاءِ اهڙيون شيون خريد ڪري هن کي اڪيلي ۾ ڏجن يا استاد پنهنجي هٿن سان ڪنهن مستحق ٻار کي اهي شيون ڏي، جيئن سندس عزت نفس مجروح نہ ٿي. گهران کاڌو کڻي ايندي بہ موڪل کان پوءِ ريڙهي وارن کان ڪِنيون شيون وٺڻ جو فيشن ٿي ويو آهي. ٻارن کي ٻڌائجي تہ موڪل کان پوءِ اُهي گهر وڃي ماني کائن، ڇا ڪاڻ تہ ماءُ هنن جي لاءِ کاڌو تيار ڪري رکيو هوندو. ساڳي نموني ٻارن ۾ فضول خرچي جي عادت

☆ تعلیم حاصل کرنے کے لیے اسکول جانے والا بچّہ اپنے پڑوس میں کسی غریب بچّے کی پڑھائی میں مدد کرسکتا ہے۔
☆ کسی بھوکے کو کھانا کھلانا خدمتِ خلق میں شامل ہے۔
☆ بزرگوں کی خدمت کرنا سکھایا جائے۔
☆ معذور اور اپاہج لوگوں کا مذاق نہ اڑایا جائے بلکہ اگر ضرورت ہو تو سڑک عبور کرنے میں اور دوسرے کاموں میں ان کی مدد کی جائے۔

## عملی کام

بچّوں سے گلک بنوایا جائے اور انھیں کہا جائے کہ وہ ہر روز تھوڑے سے پیسے اس میں ضرور جمع کریں۔ ہر تین مہینے کے بعد پیسے گنے جائیں اور بچّوں سے کہا جائے کہ وہ اس رقم سے اپنے کسی غریب دوست کی فیس دے دیں یا اسے کتابیں کاپیاں وغیرہ دے دیں۔ اس سلسلے میں استاد کا کام رہنمائی کرنا ہے۔ اس طرح بچّوں میں خدمتِ خلق کے ساتھ ساتھ بچت کرنے کی عادت بھی پیدا ہوگی۔

## گھر کا کام

بچّے خدمتِ خلق کے کاموں کی فہرست بنا کر لائیں۔ پانچ پانچ بچّوں کے گروپ بنائیں اور ان سے باری باری پوچھیں کہ وہ خدمتِ خلق کس طرح کرسکتے ہیں؟

# سادگی

طلبہ و طالبات کو نبی کریم ﷺ اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی زندگی سے سادگی کی مثالیں دینے کے ساتھ ساتھ اساتذہ خود اپنے لباس اور اپنے مزاج سے بچّوں کے سامنے سادگی کا نمونہ پیش کریں۔ بچّوں کو بتایا جائے کہ وہ دنیا کے اعتبار سے اپنے سے نیچے والوں اور دین کے اعتبار سے اپنے سے اوپر والوں کو دیکھیں تاکہ ان میں شکر گزاری اور عبادت گزاری کے جذبات پیدا ہوں۔ آج کل ہر قسم کی اشیائے ضرورت میں قیمتی اشیا بھی موجود ہیں۔ سادہ اور قیمتی اشیا دونوں ایک ہی کام کرتی ہیں۔ لیکن قیمتی چیز زیادہ خوبصورت اور مہنگی ہوتی ہے لہٰذا بچّوں میں سادگی کو فروغ دیا جائے اور بچّوں سے کہا جائے کہ سستی چیز خریدنے سے جو پیسے بچیں ان سے اپنی جماعت کے کسی مستحق بچّے کے لیے ایسی چیزیں خرید کر اسے اکیلے میں دی جائیں یا استاد اپنے ہاتھ سے کسی مستحق بچّے کو یہ چیزیں دے تاکہ اس کی عزتِ نفس مجروح نہ ہو۔ گھروں سے کھانا لانے کے باوجود چھٹّی کے بعد ریڑھی والوں سے مختلف مضرِ صحت چیزیں خریدنے کا فیشن بن گیا ہے۔ بچّوں کو بتایا جائے کہ چھٹّی کے بعد وہ گھر جا کر کھانا کھایا کریں کیونکہ امی نے ان کے لیے کھانا تیار رکھا ہوتا ہے۔ اس طرح بچّوں میں فضول خرچی کی

ٻہ گهٽ ٿي ويندي. ٻارن کي چئجي تہ اهي سادگي بابت ڪجھ جملا پنهنجي ڪاپي ۾ لکن ۽ واري واري ٻيهي اها جملا پڙهن.

## گهر جو ڪم

طالبن کي چئجي تہ اهي سادگي بابت هڪ پيراگراف گهران لکي اچن ۽ پوءِ ڪلاس ۾ واري واري هر ٻار پنهنجي پيراگراف پڙهي ٻڌائي.

# وقتَ جي پابندي

وقت جي پابندي هڪ تمام اهم موضوع آهي. ڪنهن بہ ماڻهو جي زندگي ۾ ڪاميابي ۽ ناڪامي جو دار و مدار وقت جي صحيح استعمال تي ئي هوندو آهي. باقاعدگيءَ سان نماز پڙهڻ سان وقت جي پابندي جو سبق ملندو آهي. ساڳي نموني روزي جا اوقات بہ وقت جي پابندي جو سبق ڏيندا آهن.

## عملي ڪم

ڪاغذ جا ٽڪڙا يا ڪارڊ، پراڻي ڪارڊن جو پوئين حصي کي بہ استعمال ڪري سگهجي ٿو. ڏهہ ڏهہ ڪارڊن کي ٻن جائن تي ورهايو. اڌ ڪارڊن تي وقت جو صحيح استعمال ڪرڻ وارا ڪم ۽ اڌ ڪارڊن تي وقت ضائع ڪرڻ وارا ڪم ٻارن کان لِکرايو. استاد بہ هنن جي مدد ڪن. هر ٻار کان اهڙا ڪارڊ ڻاهرايو. جيڪي ٻار وقت ضائع ڪرڻ وارا ڪم چڙيندا وڃن، اهي ڪارڊ ڪيندا وڃون. جنهن طالبَ جي ڪارڊ جلدي ختم ٿي وڃن هنن جو حوصلو وڌائڻ جي لاءِ ڪو انعام ڏيو. ٻارن کي چئو تہ اهي اهڙا ڪم نہ ڪن جنهن سان وقت ضائع ٿي. وقت جو صحيح استعمال ڪرڻ وارا ڪارڊ سنڀالي رکو ۽ هنن جي مطابق ڪم ڪيو.

## سُٺا ڪمَ

وقت جو صحيح ۽ غلط استعمال ڪرڻ وارا ڪجھ ڪمَ اهي آهن: صبح اسڪول اچڻ جي لاءِ رات جو ٿيلهو ۽ يونيفارم تيار رکڻ، گهر جو ڪم وقت تي ڪرڻ، جيڪڏهن ماءُ ڪنهن دڪان تي موڪلي تہ جلدي سان اُها شي وٺي اچڻ، شام جو راند جي لاءِ وقت تي وڃڻ ۽ وقت تي موٽي اچڻ، ڪنهن کي مدد جو ضرورت هجي تہ هن جي مدد ڪري گهر واپس اچڻ.

عادت بھی کم ہوگی۔ بچّوں سے کہا جائے کہ وہ سادگی کے بارے میں چند جملے اپنی کاپی میں لکھیں اور باری باری کھڑے ہو کر وہ جملے پڑھیں۔

## گھر کا کام

طلبہ و طالبات سے کہا جائے کہ وہ سادگی کے بارے میں ایک پیراگراف گھر سے لکھ کر لائیں اور پھر جماعت میں باری باری ہر بچّہ اپنا پیراگراف پڑھ کر سنائے۔

# وقت کی پابندی

وقت کی پابندی بہت اہم موضوع ہے۔ کسی بھی شخص کی زندگی میں کامیابی یا ناکامی کا دارومدار وقت کے صحیح استعمال پر ہی ہوتا ہے۔ باقاعدگی سے نماز پڑھنے سے وقت کی پابندی کا سبق ملتا ہے۔ اسی طرح روزے کے اوقات بھی پابندیٔ وقت کا سبق دیتے ہیں۔

## عملی کام

کاغذ کے ٹکڑے یا کارڈ لے لیں، پرانے کارڈ کے پچھلے حصّے بھی استعمال ہوسکتے ہیں۔ دس، دس کارڈوں کو دو جگہ تقسیم کرلیں آدھے کارڈوں پر وقت کا صحیح استعمال کرنے والے کام اور آدھے کارڈوں پر وقت ضائع کرنے والے کام بچّوں سے لکھوائیں۔ اساتذہ بھی ان کی مدد کریں۔ ہر بچّے سے ایسے کارڈ بنوائیں۔ جو بچّے وقت ضائع کرنے والے کام چھوڑتے جائیں وہ کارڈ نکالتے جائیں۔ جن طلبہ و طالبات کے کارڈ جلدی ختم ہوں انھیں حوصلہ افزائی کے طور پر کوئی انعام دیں۔ بچّوں سے کہیں کہ وہ ایسے کام نہ کریں جس سے وقت ضائع ہو۔ وقت کا صحیح استعمال کرنے والے کارڈ سنبھال کر رکھیں اور ان کے مطابق کام کریں۔

## اچھے کام

وقت کا صحیح اور غلط استعمال کرنے والے چند کام یہ ہیں۔ صبح اسکول آنے کے لیے رات کو بستہ اور یونیفارم تیار رکھنا، گھر کا کام وقت پر کرنا، اگر امی کسی دکان پر بھیجیں تو جلدی سے وہ چیز لے کر آنا، شام کو کھیلنے کے لیے وقت پر جانا اور وقت پر آنا، کسی کو مدد کی ضرورت پڑے تو اس کی مدد کرکے گھر واپس آجانا۔

## وقت ضائع ڪرڻ وارا ڪمَ

ٽيلي فون تي دوستن سان دير تائين ڳالهيون ڪرڻ، وڊيو گيمز کيڏڻ، ٽي وي پروگرام دير تائين ڏسڻ، وي سي آر تي گهڻيون فلمون ڏسڻ، ميچ گهڻي دير تائين ڏسڻ يا ٽي وي تي پورو ڏينهن ميچ ڏسڻ.
هڪ ڊائري ٺاهرايو. ٻارن کي چئو ته اهي هر رات هن ڊائري ۾ لکن ته هنن اهڙا ڪهڙا ڪم ڪيا جنهن ڪان وقت ضائع ٿيو ۽ ڪهڙا اهڙا ڪم ڪيا جنهن ۾ وقت جو بالڪل صحيح استعمال ٿيو.

# پنهنجي مدد پاڻ

پنهنجي مدد پاڻ هڪ اهم ترين موضوع آهي ۽ هن موضوع تي انسان جي اڳتي وڌڻ جو دار و مدار آهي. استادن جي ذميواري آهي ته اهي روزاني زندگي جا ڪجهه عملي مثال ٻارن کي ٻڌائن جنهن تي عمل ڪري ٻار هڪ سٺي ۽ صحت مند زندگي گزاري سگهن. پنهنجي ننڍي ننڍي ڪمن جي لاءِ گهر وارن کي تنگ ڪرڻ سُٺي عادت ناهي. ٻارن کي ٻڌائجي ته سُٺا ٻارَ اهي هوندا آهن جيڪي پنهنجو ڪم پاڻ ڪندا آهن. جيئن ڪلاس روم، پنهنجي گهر، گهٽي ۽ محلّي کي صاف رکڻ ۽ پاڻ به صاف رهڻ، اسڪول ۾ خالي زمين تي ٻوٽا لڳائڻ، رات جو سمهڻ کان پهريان پنهنجو اسڪول بيگ ۽ يونيفارم تيار ڪري رکڻ، پنهنجو هوم ورڪ پاڻ ڪرڻ، ماني پاڻ کائڻ ۽ پاڻي پاڻ پيئڻ، پنهنجا جوتا پاڻ پالش ڪرڻ، جيڪڏهن ٻارن وٽ ڪتابن ۽ ڪپڙن جي جُدا الماري آهي ته پاڻ صاف ڪرڻ. ٻارن کي ٻڌائجي ته اهي امتحانن جي تياري پاڻ ڪن پر مشڪل شيون پنهنجي وڏن کان پُڇا ڪري سگهن ٿا. هر ٻار جي گهر ۾ قرآن شريف موجود آهي. ٻارن کي ٻڌائجي ته اهي پاڻ قرآن شريف ترجمي سان پڙهن وغيره وغيره.
انسان جنهن ماحول ۾ رهندو آهي هن ماحول جو سندس جسماني ۽ ذهني صحت تي تمام اثر پوندو آهي. جيڪڏهن ڪنهن گهر ۽ علائقي ۾ ڪِن ڦت ۽ ڪِني پاڻي جي نيڪال جي بنيادي سهولت نه هجي ته هتي جو ماحول آلودو رهندو. گندي علائقي جا ماڻهو نه رُڳو گدلائي سان ڦهلڻ واري بيمارين جو شڪار ٿيندا آهن پر هنن ۾ مايوسي ۽ بيوَسي به پيدا ٿيندي آهي. هن علائقي ۾ رهندڙ ٻارن جو فرض آهي ته پنهنجي مدد پاڻ تحت پنهنجي علائقي جي صفائي ڪرڻ جي ڪوشش ڪن.

## گهر جو ڪم

ٻارن کي چئجي ته اهي پنهنجي مدد پاڻ تحت گهٽ ۾ گهٽ ڏهه ڪمن جي فهرست ٺاهي اچن ۽ ٻارن کي پابند ڪجي ته اهي هڪ نوٽ بڪ ٺاهي روز ڪندڙ ڪم نوٽ ڪري هڪ هفتي ڪان پوءِ استاد کي ڏيکارن.

## وقت ضائع کرنے والے کام

ٹیلی فون پر دوستوں سے لمبی لمبی باتیں کرنا، وڈیو گیمز کھیلنا، ٹی وی پروگرام بہت دیر تک دیکھنا، وی سی آر پر بہت زیادہ فلمیں دیکھنا، میچ بہت دیر تک کھیلنا یا ٹی وی پر پورا دن میچ دیکھنا۔

ایک ڈائری بنوائیں۔ بچّوں سے کہیں کہ وہ ہر رات اس ڈائری میں لکھیں کہ انھوں نے کون سے ایسے کام کیے جن سے وقت ضائع ہوتا ہے اور کون سے ایسے کام کیے جن میں وقت کا بالکل صحیح استعمال ہوا تھا۔

# اپنی مدد آپ

اپنی مدد آپ ایک اہم ترین موضوع ہے اور اسی موضوع پر انسان کے آگے بڑھنے کا دارومدار ہے۔ اساتذہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ روز مرہ کی زندگی میں ایسی عملی مثالیں بچّوں کو بتائیں جنھیں اپنا کر بچّے ایک اچھی اور صحت مند زندگی گزار سکیں۔ اپنے چھوٹے چھوٹے کاموں کے لیے گھر والوں کو تنگ کرنا بہت بری بات ہے۔ بچّوں کو بتایا جائے کہ اچھے بچّے وہی ہوتے ہیں جو اپنا کام خود کرتے ہیں۔ مثلاً کمرۂ جماعت، اپنے گھر، گلی اور محلے کو صاف ستھرا رکھنا اور خود بھی صاف رہنا، اسکول میں خالی زمین پر پودے لگانا، رات کو سونے سے پہلے اپنا اسکول بیگ اور یونیفارم تیار کرکے رکھنا، اپنا ہوم ورک خود کرنا، کھانا خود کھانا اور پانی خود پینا، اپنے جوتے خود پالش کرنا، اگر بچّوں کے پاس کتابوں اور کپڑوں کی علیحدہ الماری ہے تو اسے خود صاف ستھرا رکھنا۔ بچّوں کو بتایا جائے کہ وہ امتحانات کی تیاری خود کریں البتہ مشکل چیزیں اپنے بڑوں سے پوچھ سکتے ہیں۔ ہر بچّے کے گھر میں قرآن پاک موجود ہے۔ بچّوں کو بتایا جائے کہ وہ خود قرآن پاک ترجمے کے ساتھ پڑھیں۔ وغیرہ وغیرہ۔

انسان جس ماحول میں رہتا ہے اس ماحول کا اس کی جسمانی اور ذہنی صحت پر بہت اثر ہوتا ہے، اگر کسی گھر اور اس علاقے میں فضلے اور گندے پانی کی نکاسی کی بنیادی سہولت موجود نہ ہو تو وہاں کا ماحول آلودہ رہے گا۔ گندے علاقے کے لوگ نہ صرف گندگی سے پھیلنے والی بیماریوں کا شکار ہوتے ہیں بلکہ ان میں مایوسی اور بے چارگی بھی پیدا ہوتی ہے۔ اس علاقے میں رہنے والے بچّوں کا فرض ہے کہ وہ اپنی مدد آپ کے تحت اپنے علاقے کی صفائی کرنے کی کوشش کریں۔

## گھر کا کام

بچّوں سے کہا جائے کہ وہ اپنی مدد آپ کے تحت کم از کم دس کاموں کی فہرست بنا کر لائیں اور بچّوں کو پابند کیا جائے کہ وہ ایک نوٹ بک بنا کر روزانہ کیے جانے والے کام نوٹ کرکے ایک ہفتے کے بعد ٹیچر کو دکھائیں۔

# مهمان داري

اسان جي مذهب ۾ مهمان داري يا مهمان نوازي کي وڏي اهميت حاصل آهي. نبي ڪريم ﷺ ۽ صحابين رضي الله عنهم جي حياتيءَ ۾ اسان کي مهمان دا ري ۽ انڪساري جا اڻڳڻت مثالَ نظر ايندا آهن. پاڻ ﷺ ۽ صحابين رضي الله عنهم پنهنجي ضرورتن کي گهٽ ڪري گهر ايندڙ مهمانن جو خيال رکيو ۽ کين ڪنهن قسم جي تڪليف نہ ٿيڻ ڏني. اسلامي اخلاق جا اهي بهترين مثالَ آهن جنهن مطابق عمل ڪرڻ هر مسلمان جو پهريون فرض آهي. ڪلاس ۾ ٻارن کي نہ رُڳو اهو سبق پڙهائجي پر هنن کي ميزباني ۽ مهمان داري جي وڏي مفهوم سان آگاهہ ڪندي مهمان داري جا عملي مثال ٻڌائجن ۽ هنن کان پڇيا بہ ڪجي تہ اهي ڪهڙن ڪهڙي طريقن سان ڪري سگهن ٿا. جيئن ڪيترائي ٻار اسڪول ۾ لنچ ڪٽي نہ ايندا آهن. جيڪي ٻار لنچ ڪٽي ايندا آهن هنن کي گهرجي تہ اهڙي ٻارن کي پنهنجي لنچ ۾ ضرور شامل ڪن. دوستن سان اسڪول ۾ ملڻ سان گڏوگڏ کين گهر بہ گهرائن ۽ جيڪو گهر ۾ آهي اهو هنن جي سامهون کائڻ جي لاءِ پيش ڪن. خاطر داري جي لاءِ ضروري ناهي تہ مهمان جي سامهون ميز يا دسترخوان کائڻ پيئڻ جي شيئن سان ڀري ڇڏجي، الله تعاليٰ جي خوشي جي لاءِ مهمان داري رُڳو هڪ ٻن شيئن سان بہ ڪري سگهجي ٿي.

## گهر جو ڪم

ٻارن کي چئو تہ اهي خاطر داري مطلب مهمان داري جي حوالي سان مختلف ڪمن جي فهرست ٺاهي اچن ۽ هنن کان اهو بہ پُڇيا ڪجي تہ اهي هن تي ڪيئن عمل ڪندا

# مجلس جا ادبَ

ٻار پنهنجي دوستن کان گهڻا متاثر ٿيندا آهن. انهيءَ ڪري طالبن کي ٻڌايو وڃي تہ سدائين سٺي دوستن جي صحبت ۾ وڃو. سٺي دوستن ۾ ويهڻ وارو ٻار سُٺا ڪم ۽ ڪِني دوستن ۾ ويهڻ وارو ٻار ڪِنا ڪم ڪندو. ٻارن کان هڪ ڪاغذ تي ٻہ ڪالمَ ٺهرايو. هِڪ جي مٿان سُٺي مجلس ۽ ٻي جي مٿان خراب مجلس لِکرايو. سُٺي مجلس ۾ جمعي جي نماز جي لاءِ مسجد ۾ وقت کان پهريان وڃي سٺيون ڳالهيون ٻڌڻ، دوستن سان ملي پڙهڻ، اسمبلي ۾ تلاوت ڪرڻ، قومي ڏيهاڙڻ تي سُٺي پروگرامن ۾ شرڪت ڪرڻ ۽ خراب مجلسن ۾ وڊيو گيمز ۽ ڪيرم بورڊ جي مرڪزن تي وڃڻ، رستن ۾ يا گهرن کان ٻاهر ٽولين جي صورت ۾ ويهڻ، تماشا وغيره ڏسڻ جي لاءِ وڃڻ، دوستن سان ملي ٻين جون برائيون ڪرڻ وغيره شامل آهن. ٿي سگهي تہ ٻارن کي سُٺي مجلس ۾ وڃي وڃي هن جا فائدا ۽ بُري مجلس جي نقصانن کان آگاهہ ڪيو ۽ کين ٻڌايو تہ خراب ماڻهو جو ساٿ ڏيڻ جو انجام سدائين خراب هوندو آهي.

# تواضع

ہمارے مذہب میں تواضع یعنی مہمان نوازی کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ پیارے نبی کریم ﷺ اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی زندگی میں ہمیں تواضع اور انکساری کی بے شمار مثالیں نظر آتی ہیں۔ آپ ﷺ اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے اپنی ضروریات کو کم کرکے گھر آنے والے مہمانوں کا خیال رکھا اور انھیں کسی قسم کی تکلیف نہیں ہونے دی۔ اسلامی اخلاق کی یہ بہترین مثالیں ہیں جن کے مطابق عمل کرنا ہر مسلمان کا اوّلین فرض ہے۔ جماعت میں بچّوں کو نہ صرف یہ سبق پڑھایا جائے بلکہ انھیں میزبانی اور تواضع کے وسیع تر مفہوم سے آگاہ کرتے ہوئے تواضع کی عملی مثالیں بتائی جائیں اور ان سے یہ بھی پوچھا جائے کہ وہ دوسروں کی تواضع کس کس طرح سے کرسکتے ہیں مثلاً کئی بچّے اسکول میں لنچ لے کر نہیں آتے۔ جو بچّے لنچ لے کر آتے ہیں انھیں چاہیے کہ وہ ایسے بچّوں کو اپنے لنچ میں ضرور شامل کریں، دوستوں کو اسکول میں ملنے کے علاوہ اپنے گھر میں بھی مدعو کریں اور جو کچھ آپ کے گھر میں ہے وہ ان کے سامنے کھانے کے لیے پیش کریں۔ خاطر داری کے لیے ضروری نہیں کہ مہمان کے سامنے میز یا دستر خوان کھانے کی چیزوں سے بھر دیا جائے بلکہ اللہ تعالیٰ کی خوشی کی خاطر تواضع صرف ایک دو چیزوں سے بھی کی جاسکتی ہے۔

## گھر کا کام

بچّوں سے کہیں کہ وہ خاطر داری یعنی تواضع کرنے کے حوالے سے مختلف کاموں کی فہرست بنا کر لائیں اور ان سے یہ بھی پوچھا جائے کہ وہ ان پر کس طرح عمل کریں گے۔

# آدابِ مجلس

بچّے اپنے دوستوں سے بہت متاثر ہوتے ہیں۔ اس لیے طلبہ و طالبات کو بتایا جائے کہ ہمیشہ اچھے دوستوں کی صحبت اختیار کریں۔ اچھے دوستوں میں بیٹھنے والا بچّہ اچھے کام اور برے دوستوں میں بیٹھنے والا بچّہ برے کام کرے گا۔ بچّوں سے ایک کاغذ پر دو کالم بنوائے جائیں۔ ایک کے اوپر اچھی مجلس اور دوسرے کے اوپر بری مجلس لکھا جائے۔ اچھی مجلس میں جمعہ کی نماز کے لیے مسجد میں وقت سے پہلے جا کر اچھی باتیں سننا، دوستوں کے ساتھ مل کر پڑھنا، اسمبلی میں تلاوت کرنا، قومی دنوں کے مواقع پر اچھے پروگراموں میں شرکت کرنا وغیرہ اور بری مجلس میں وڈیو گیمز اور کیرم بورڈ کے مراکز میں جانا، راستے میں یا گھروں کے باہر ٹولیوں کی صورت میں بیٹھنا، تماشے وغیرہ دیکھنے کے لیے جانا، دوستوں کے ساتھ مل کر دوسروں کی برائیاں کرنا وغیرہ شامل ہیں۔ اگر ممکن ہو تو بچّوں کو اچھی مجالس میں لے جا کر وہاں کے فوائد اور بری مجالس کے نقصانات سے آگاہ کریں اور انھیں بتائیں کہ برے لوگوں کا ساتھ دینے کا انجام ہمیشہ برا ہوتا ہے۔

## عملي ڪم

ٻارن کان مباحثو ڪرائجي جنهن جو موضوع هجي ”سُني مجلس ضروري آهي.“ هن موضوع جي مخالفت ۽ حمايت ۾ ٻارن کان ٽي کان چار منٽ جي تقريرون ڪرائجن ۽ آخر ۾ استاد موضوع کي مڪمل ڪندي ٻارن کي ٻڌائي ته سُني مجلس ڇو ضروري آهي ۽ هن جا ڪهڙا فائدا آهن.

## گهر جو ڪم

اها تقرير ٻار گهران تيار ڪري اچن.

# وطن ۽ وطن وارن سان محبت

ٻارن کي ٻڌائجي ته پاڪستان جي ترقيءَ جي لاءِ دل لڳائي پڙهن. پاڪستان هڪ آزاد اسلامي ملڪ آهي. انهيءَ ڪري هتي آزاديءَ سان سُنا ڪمَ ڪن ۽ بُري ڪمن کان بچن جيئن دنيا ۽ آخرت جي ڪاميابي ملي. پنهنجي ملڪ کي صاف رکيو. هن مقصد جي لاءِ ٻارن کان ڪلاس روم جي صفائي ڪرائجي ۽ چئجي ته اهي اسڪول ۾ ڪاغذ وغيره ڦٽا نه ڪن ۽ پنهنجي گهر جي ٻاهر جو علائقو به صاف سٿرو رکن. ٻارن کان هنجن ئي صوبن جي اهم مقامن جا ماڊل ٺهرائي هنن جي اهميت کان آگاهه ڪجي. ٻارن کي ٻڌائجي ته 14 اگست تي جيڪي جهنڊا ۽ جهنڊيون هنيون وينديون آهن اهي سنڀالي رکيو ۽ هيڏانهن هوڏانهن نه ڦٽي ڪيو. ٻارن کي ڪنهن عجائب گهر وٺي وڃو جتي قائد اعظم ۽ تحريڪِ پاڪستان جي ٻين اڳواڻن جون شيون رکيل هجن. پاڪستان حاصل ڪرڻ جي لاءِ ڏنل قربانين کان ٻارن کي آگاهه ڪجي. ٻارن کي ٻڌائجي ته ملڪ جي ترقي جي لاءِ سنڌي، پنجابي، بلوچ ۽ پٺاڻ ٿي نه پر رڳو مسلمان ۽ پاڪستان ٿي متحد ٿي ڪم ڪرڻ جي ضرورت آهي. ”وطن سان محبت ڪيئن ڪجي“ جي موضوع تي چار چار جملن جي ننڍي تقرير به ڪرائجي.

## گهر جو ڪم

ٻار پاڪستان جو نقشو ڪاپي ۾ ٺاهي هن ۾ رنگ ڀرن.

## عملی کام

بچّوں سے مباحثہ کرایا جائے جس کا موضوع ہو ''اچھی مجلس ضروری ہے۔'' اس موضوع کی مخالفت اور موافقت میں بچّوں سے تین چار منٹ کی تقریریں کرائی جائیں اور آخر میں استاد خود گفتگو کو سمیٹتے ہوئے بچّوں کو بتائے کہ اچھی مجلس کیوں ضروری ہے اور اس کے کیا فائدے ہیں۔

## گھر کا کام

یہ تقریر بچّے گھر سے تیار کر کے لائیں۔

# وطن اور اہلِ وطن سے محبت

بچّوں کو بتایا جائے کہ پاکستان کی ترقی کے لیے دل لگا کر پڑھیں۔ پاکستان ایک آزاد اسلامی ملک ہے۔ لٰہذا یہاں آزادی کے ساتھ اچھے کام کریں اور برے کاموں سے بچیں تاکہ دنیا و آخرت میں کامیابی ملے۔ اپنے ملک کو صاف رکھیں۔ اس مقصد کے لیے بچّوں سے کمرۂ جماعت کی صفائی کرائی جائے اور کہا جائے کہ وہ اسکول میں کاغذ وغیرہ نہ پھینکیں اور اپنے گھر کے باہر کا علاقہ بھی صاف ستھرا رکھیں۔ بچّوں سے چاروں صوبوں کے اہم مقامات کے ماڈل بنوا کر ان کی اہمیت سے آگاہ کیا جائے۔ بچّوں کو بتایا جائے کہ ۱۴ اگست کو جو جھنڈے اور جھنڈیاں لہرائی جاتی ہیں وہ سنبھال کر رکھیں اور اِدھر اُدھر نہ پھینک دیں۔ بچّوں کو کسی عجائب گھر لے جائیں جہاں قائدِ اعظمؒ اور تحریکِ پاکستان کے دوسرے رہنماؤں سے منسوب چیزیں رکھی ہوئی ہوں۔ پاکستان حاصل کرنے کے لیے دی جانے والی قربانیوں سے بچّوں کو آگاہ کیا جائے۔ بچّوں کو بتایا جائے کہ ملک کی ترقی کے لیے سندھی، پنجابی، بلوچ اور پٹھان بن کر نہیں بلکہ صرف مسلمان اور پاکستانی بن کر متحد ہو کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔

''وطن سے محبت کیسے کریں'' کے عنوان پر چار چار جملوں کی مختصر تقریر کرائی جائے۔

## گھر کا کام

بچّے پاکستان کا نقشہ کاپی میں بنا کر اس میں رنگ بھریں۔

## باب پنجون: هدايت جا سرچشما / مشاهيرِ اسلام

### حضرت عمر فاروق رضي الله عنه

نبي اڪرم ﷺ کان بعد هڪ کان پوءِ ٻي خلفاءِ راشدين اسلامي مملڪت جي ذميواريون سنڀاليون جنهن ۾ حضرت عمر فاروق رضي الله عنه به شامل هو. پاڻ اسلام آڻڻ کان پهريان اسلام ۽ مسلمانن جا سخت مخالف هئا. پاڻ رضي الله عنه تمام بهادر هئا. حضور ﷺ الله تعاليٰ کان دعا ڪندا هئا ته حضرت عمر رضي الله عنه اسلام جي دائري ۾ داخل ٿي وڃي جيئن اسلام کي طاقت ملي. اسلام قبول ڪرڻ کان پوءِ حضرت عمر رضي الله عنه پنهنجي سڀ صلاحيتون اسلام ڦهلائڻ جي لاءِ استعمال ڪيون. پاڻ رضي الله عنه کا الله تعاليٰ ۽ نبي ﷺ سان گهڻي محبت هئي. پاڻ رضي الله عنه سڀ غزوات ۾ حضور ﷺ سان گڏ هئا ۽ تمام جرات ۽ بهادريءَ سان ڪافرن جو مقابلو ڪيو. پاڻ رضي الله عنه هڪ بهترين منتظم هئا. پاڻ رضي الله عنه انتها درجي جا ايمان دار ۽ ديانت دار خليفا هئا. پاڻ رضي الله عنه عوام جي ڀلائيءَ جا گهڻا ئي ڪمَ ڪيا. شراب پيئڻ تي پابندي لڳائي. پاڻ رضي الله عنه تعليم کي گهڻو واڌارو ڏنو. پاڻ رعايا جي خبر چار جي لاءِ گهٽين ۾ گهمندا هئا. پاڻ رضي الله عنه کي الله جو گهڻو خوف هئو ۽ خوف کان روئيندا هئا. الله تعاليٰ اسان کي پاڻ رضي الله عنه جي قدمن تي هلڻ جي توفيق ڏي. (آمين)

### گهر جو ڪم

حضرت عمر رضي الله عنه جي سيرت جي (ڪجھ خاصيتن جو ذڪر مٿي ڪيو ويو آهي) تفصيل ٻارن کي ٻڌايو ۽ ڪين چئو ته اهي گهران حضرت عمر رضي الله عنه جي شخصيت جون گهٽ ۾ گهٽ ڏھ خاصيتون لِکي اچن. ٻارن کي اهو پڻ ٻڌائجي ته جنهن طرح حضرت عمر رضي الله عنه بهادريءَ سان بُرائين جو مقابلو ڪيو ته اڄ ڪلھ اهي ڪهڙيون برائيون آهن جنهن جو ٻارَ مقابلو ڪري سگهن ٿا.

### حضرت موسيٰ عليه السلام

حضرت موسيٰ عليه السلام الله تعاليٰ جا اها پيغمبر آهن جنهن تي آسماني ڪتاب "تورات" نازل ٿي. نبوت عطا ڪرڻ کان پوءِ الله تعاليٰ پاڻ عليه السلام کي حڪم ڏنو ته فرعون ڏانهن وڃي هن کي الله تعاليٰ جي عبادت ڪرڻ جي لاءِ چئو. حضرت موسيٰ عليه السلام جي زندگي بابت تفصيلَ چوٿين ڪلاس جي لاءِ اسلاميات ۾ موجود آهن. حضرت موسيٰ عليه السلام بابت ڪتاب ۾ اهو سبق شائع ڪرڻ جو مقصد ٻارن کي پاڻ عليه السلام زندگي جي مقصد، پاڻ جي نرمي، مستقل مزاجي ۽ هن ٻين خاصيتن کان آگاھ ڪرڻ آهي جيڪي دنيا ۽ آخرت ۾ ڪامياب زندگي گزارڻ جي لاءِ تمام ضروري آهن.

## حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد چاروں خلفائے راشدین نے یکے بعد دیگرے اسلامی مملکت کی ذمہ داریاں سنبھالیں جن میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ بھی شامل ہیں۔ آپ اسلام لانے سے پہلے اسلام اور مسلمانوں کے شدید مخالف تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ بہت بہادر تھے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ سے دعا کیا کرتے تھے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ دائرۂ اسلام میں داخل ہوجائیں تاکہ اسلام کو تقویت حاصل ہو۔ اسلام قبول کرنے کے بعد آپ رضی اللہ عنہ نے اپنی تمام صلاحیتوں کو اسلام پھیلانے کے لیے استعمال کیا۔ آپ رضی اللہ عنہ کو اللہ تعالیٰ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بہت محبت تھی۔ آپ رضی اللہ عنہ تمام غزوات میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ شریک ہوئے اور نہایت جرأت اور بہادری کے ساتھ کفّار کا مقابلہ کیا۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ایک بہترین منتظم تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ انتہائی درجے کے ایمان دار اور دیانت دار خلیفہ تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے رفاہِ عامہ کے بہت سے کام کیے، شراب نوشی پر پابندی عائد کی، آپ رضی اللہ عنہ نے تعلیم کو بہت فروغ دیا، آپ رضی اللہ عنہ اپنی رعایا کی خبر گیری کے لیے گلیوں میں گشت کرتے تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ کو خوفِ خدا بہت تھا اور اکثر خوفِ خدا سے رویا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں آپ رضی اللہ عنہ کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

### گھر کا کام

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی سیرت کی (کچھ خصوصیات جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے) تفصیلات بچّوں کو بتائیں اور ان سے کہیں کہ وہ گھر سے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی شخصیت کی کم از کم دس خصوصیات لکھ کر لائیں۔ بچّوں کو یہ بھی بتایا جائے کہ جس طرح حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بہادری سے برائیوں کا مقابلہ کیا تو آج کل وہ کون سی برائیاں ہیں جن کا بچّے مقابلہ کرسکتے ہیں۔

## حضرت موسیٰ علیہ السلام

حضرت موسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے وہ پیغمبر تھے جن پر آسمانی کتاب 'توریت' نازل کی گئی۔ نبوت عطا کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ السلام کو حکم دیا کہ آپ فرعون کے پاس جاکر اسے اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کے لیے کہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے بارے میں تفصیلات اسلامیات برائے جماعت چہارم میں موجود ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بارے میں کتاب میں یہ سبق شائع کرنے کا مقصد بچّوں کو آپ علیہ السلام کی زندگی کے مقصد، آپ کی نرمی، مستقل مزاجی اور ان دوسری خصوصیات سے آگاہ کرنا ہے جو دنیا اور آخرت میں کامیاب زندگی گزارنے کے لیے بہت ضروری ہیں۔

اهي نڪتا هيٺ ڏنل آهن:

1. الله تعاليٰ تي ڀروسو ڪندڙ نيٺ ڪامياب ٿيندو آهي. حضرت موسيٰ عَلَيْهِ السَّلَامُ فرعون جي بادشاهت ۽ غرور کان بالڪل نہ ڊڄيو ۽ وڏي بهادريءَ سان الله تعاليٰ جو پيغام هن تائين پهچايو.
2. انسان ڀلي ڪيترو ئي دولت مند ڇو نہ هجي اهو هن دنيا کان خالي هٿ ويندو ۽ جيڪو ڪجهہ پنهنجي حلال ڪمائي سان اڳتي موڪلي چڪو هوندو، مرڻ کان پوءِ هن کي هُتي ڏسندو.
3. جڏهن جادوگر الله تعاليٰ تي ايمان آندو تي فرعون پاران ڏنل سزا بہ کين الله تعاليٰ جي رستي کان نہ هٽائي سگهي.
4. ظالم حڪمران گهڻي دير تائين اقتدار ۾ نٿو رهي سگهي. الله تعاليٰ هن جو انجام بُرو ڪندو آهي.

## گهر جو ڪم

ٻارن کي چئجي تہ اهي گهران حضرت موسيٰ عَلَيْهِ السَّلَامُ جو سبق چڱي طرح پڙهي اچن ۽ سندس شخصيت جون پنج خاصيتون لِکي اچن ۽ اهو بہ لکن تہ اهي هن خاصيتن کي ڪيئن قبول ڪري سگهن ٿا.

اہم نکات درج ذیل ہیں:

۱۔ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرنے والا آخر کار کامیاب ہوتا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام، فرعون کی بادشاہت اور تکبر سے بالکل نہیں ڈرے بلکہ بہت جرأت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا پیغام اس تک پہنچایا۔
۲۔ انسان خواہ کتنا ہی دولت مند کیوں نہ ہو وہ اس دنیا سے خالی ہاتھ جائے گا اور جو کچھ اپنی حلال کمائی سے آگے بھیج چکا ہوگا، مرنے کے بعد اسے وہاں پائے گا۔
۳۔ جب جادوگر اللہ تعالیٰ پر ایمان لے آئے تو فرعون کی جانب سے دی جانے والی کوئی سزا بھی ان کو اللہ تعالیٰ کے راستے سے نہیں ہٹا سکی۔
۴۔ ظالم حکمران زیادہ دیر تک اقتدار میں نہیں رہ سکتے۔ اللہ تعالیٰ ان کا انجام بُرا کرتا ہے۔

## گھر کا کام

بچّوں سے کہا جائے کہ وہ گھر سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا سبق اچھی طرح پڑھ کر آئیں اور ان کی شخصیت کی پانچ خصوصیات لکھ کر لائیں اور یہ بھی لکھیں کہ وہ ان خصوصیات کو کس طرح اپنا سکتے ہیں۔